ماہنامہ
یوتھ انٹرنیشنل
لاہور پاکستان

جمہوریہ فرانس کے قومی دن کے موقعہ

خصوصی اشاعت

"ہم بلوچستان کے اندرونی معاملات میں امریکی مداخلت پسند نہیں کرتے

خان آف قلات سے سنسنی خیز انٹرویو

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC
CERTIFIED

کویتا جو آجکل فلموں میں عریانیت کے
فروغ میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہے

بین الاقوامی نوجوان برادری کا واحد حقیقی ترجمان

ماہنامہ

یوتھ انٹرنیشنل

لاہور پاکستان

ایڈیٹر انچیف: **محمد صدیق القادری**

جلد: ۲ شمارہ: ۷ جولائی ۱۹۹۰ء

اس شمارے میں

ہم بے فیض دانشور ---- ۷
عورت اور معاشرہ ---- ۹
ہارس ٹریڈنگ ---- ۱۱
ایران جمہوریت کس حال میں ہے ---- ۱۴
اے سفر تو ہیلر ---- ۱۹
عامر خان ---- ۲۰
جوہی چاولہ کیا کہتی ہیں ---- ۲۵
ایک میوزیکل پروگرام ---- ۲۹
چیئرمین ونمارک انٹرنیشنل خلیل الرحمٰن ---- ۳۰
تصویری جھلکیاں ---- ۳۲
اداکارہ نیلم کی باتیں ---- ۳۴
فرانسیسی ادب اور حقائق زندگی ---- ۳۶
فرانسیسی تصویری بجھلکیاں ---- ۳۹
قبائلی رہنما خان آف قلات سے خصوصی انٹرویو ---- ۴۱
فرانسیسی سفیر کا پاکستانیوں کے نام پیغام ---- ۴۷
پاک فرانس تجارتی تعلقات ---- ۵۰

پاکستان ---	۱۵ روپے
ہندوستان ---	۱۰۰ ڈالر
سعودی عرب ---	۵ ریال
بحرین، کویت ---	۵۰۰ فلس
انگلستان ---	۱.۵۰ پونڈ
کینیڈا ---	۲ ڈالر

سب ایڈیٹرز
مس روبینہ قادری • غلام مرتضیٰ القادری

قلمی معاونین
ڈاکٹر صغیر کامران • غضنفر کاظمی
چوہدری اسلم • مسز شہناز ارشد

عکاسی
تبسم نوید • یامین صدیقی
فرمان قریشی • صغیر احمد عادل

رپورٹرز
توصیف القادری
مس خالدہ

نمائندگان بیرونِ ملک
عارف سلیمی (مغربی جرمنی) سلطان احمد (سعودی عرب)

قانونی مشیر اقبال محمود اعوان (ایڈووکیٹ)
[illegible]لیشن مینجر عبدالستار نیازی

[illegible] روپے فی کاپی

خط وکتابت کے لیے
ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل اردو/انگلش۔ ایوانِ اوقاف بلڈنگ نزد ہائی کورٹ پوسٹ بکس نمبر ۲۳۴۶ جی پی او لاہور پاکستان۔ فون نمبر ۵۴۷۲۹

Only Michelin radials give you something extra in reserve.

Switching from crossplies to Michelin radials, is like fitting a reserve fuel tank. What's more, due to Michelin radial technique less rolling resistance, you'll pay your Michelin radial tyre with the fuel you'll save.

MICHELIN
Switch to Michelin: all their tyres save fuel!

اداریہ

اپوزیشن آصف زرداری فوبیا کا شکار؟

جمہوری ملکوں میں حزب اختلاف کا وجود تعمیری تنقید کے لیے اشد ضروری ہوتا ہے ہمارے ہاں مخالفین کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈہ ذاتی کردار کشی کو لیڈر حضرات نے بطور فیشن اپنا رکھا ہے ترقی یافتہ جمہوری ملکوں میں اپوزیشن کی تنقید ملک وقوم کے مفاد میں تعمیری جذبے کے ساتھ پروگرام اور پالیسیوں پر ہوتی ہے جبکہ ہمارے ملک کی اپوزیشن مخالفت برائے مخالفت کی بنیادوں پر بے بنیاد پروپیگنڈے اور ذاتی کردار کشی تک محدود رکھتی ہے آجکل اپوزیشن نے وزیر اعظم پاکستان محترمہ بےنظیر بھٹو کے شوہر محترم جناب آصف علی زرداری کو بے بنیاد تنقید کا نشانہ بنا رکھا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے ہمارے ملک کی اپوزیشن زرداری فوبیا کا شکار ہوگئی ہے اور انہیں سوتے جاگتے، اٹھتے بیٹھتے آصف زرداری ہی نظر آتے ہیں اِس ڈر کے مارے بچاری اپوزیشن اور اُن کے حواری اخبارات وجرائد زرداری کے خلاف کوئی نہ کوئی سازش یا جھوٹی کہانی بنانے کے لیے ہمہ وقت مصروف رہتے ہیں۔

چاہے اِسلام آباد میں کسی کو پرمٹ ملے یا صنعت لگانے کا اجازت نامہ ملے یا زمین الاٹ ہو۔ اپوزیشن والوں کا وطیرہ بن گیا ہے کہ وہ کسی نہ کسی طریقے آصف زرداری کو ملوث کرنے کی ناکام کوششیں کرتے ہیں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اپوزیشن حزب اقتدار کی پالیسی یا پروگرام کا تنقیدی جائزہ لینے کی اہمیت نہیں رکھتی عوام کی رہنمائی کرنے کی بجائے ذاتی مخالفت برائے مخالفت کی پالیسی پر کارفرما ہے۔ آصف کی مخالفت صرف اس بنا پر کر رہی ہے کہ وہ محترمہ بےنظیر بھٹو وزیر اعظم پاکستان کے شوہر ہیں شوہر ہونا کوئی گناہ نہیں دراصل اپوزیشن ایک منصوبے کے تحت وزیر اعظم پاکستان کے شوہر کو ملکی و بین الاقوامی سطح پر بدنام کر کے محترمہ بےنظیر کی عوامی ساکھ کو نقصان پہنچانا چاہتی ہے۔ مہذب معاشرے میں جھوٹ پر مبنی پروپیگنڈے ذاتی کردار کشی قابل سزا اور نفرت کا باعث سمجھی جاتی ہے مسلمان معاشرے میں بھی تحقیق اور ثبوت کے بغیر الزام عائد کرنے والوں کو بھی سختی سے روکا گیا ہے بلکہ اسلام نے جھوٹا الزام، تہمت اور بہتان لگانے والوں کے لیے سخت سزائیں مقرر کی ہیں خواہ اُس کا تعلق کسی گروہ یا پارٹی سے ہو۔

آصف علی زرداری اعلیٰ تعلیم یافتہ سلجھے ہوئے باحوصلہ جرأت مند، نیک سیرت نوجوان ہیں اِس موقع پر ہم آصف علی زرداری کی عقل وفراست کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں کہ انتہائی تدبر اور بردباری کا ثبوت دیتے ہوئے مخالفین کے الزامات کا جواب الزامات کی صورت میں دینے کی بجائے انصاف کیلئے عدالت عالیہ میں جانے کا قانونی راستہ اختیار کر رہے ہیں جو کہ اپوزیشن کے لیے قابلِ تقلید عمل ہے۔ اپوزیشن کا فرض ہے کہ وہ قانون کا سامنا کرے اپنے الزامات کے ثبوت عدالت عالیہ میں پیش کرنے کے لیے تیار ہیں۔

ہر انسان میں خوبیاں اور خامیاں ہوتی ہیں ہمارا مقصد آصف زرداری کو فرشتہ ظاہر کرنا نہیں بلکہ بعض ایسے حقائق سے پردہ اُٹھانا ہے تاکہ عوام تصویر کے دونوں رُخ دیکھ کر سچ اور جھوٹ میں تمیز کر سکیں۔

ہماری قابلِ احترام اپوزیشن کے رہنماؤں کی خدمتِ اقدس میں استدعا ہے کہ وہ ذاتی کردار کشی، مخالفت برائے مخالفت کی پالیسی ترک کر کے حزب اقتدار کے پروگرام یا پالیسیوں پر توجہ دے اور اگر کوئی خامی ہے تو اُس پر بھرپور تعمیری تنقید کرے اور متبادل تجاویز پیش کرے جمہوری ملکوں کی حزب اخ[illegible] ملک کی تعمیر میں اپنا مثبت رول ادا کریں۔

محمد صدیق القادری

طلباء
مقصد تعلیم

طلباء کی ٹھیک تعلیم و تربیت کسی بھی قوم کے شاندار مستقبل کی مضبوط ضمانت فراہم کرتی ہے۔ مضبوط قوت بارادہ رکھنے والے طالب علم ملک کا عظیم سرمایہ ہوتے ہیں۔ آج کے طلباء نے کل وطن کی باگ ڈور سنبھالنی ہے جو سلجھے ہوئے لوگوں ہی کے بس کی بات ہے۔ پاکستان کو خدا نے ہر قسم کی دولت سے نوازا ہے۔ یہاں زرخیز زمین، معدنیات، صنعتیں اور افرادی قوت سب ہی کچھ موجود ہے۔ مگر ملک کو چلانے کے لئے واضح حکمت عملی کی کمی نے طلباء میں بے چینی اور ناامیدی کو جنم دیا ہے ملک کے اندر موجود سفارش، رشوت ستانی اور کاہلی نے اس حساس طبقے کو سب سے زیادہ متاثر کیا ہے۔ حالات ایسے بنا دیے گئے ہیں کہ پڑھنا اور کام کرنا ناممکن ہوگیا ہے۔ مخصوص طبقات تعلیمی اداروں میں امن عامہ کے مسائل پیدا کر دیتے ہیں اور یونیورسٹیاں بند ہو جاتی ہیں۔ سیشن لیٹ ہو جاتا ہے اور غریب طالب علم جو پہلے ہی اپنے گھر والوں پر بوجھ بنا ہوتا ہے مزید برے حالات سے دو چار ہو جاتا ہے۔ ایسے حالات میں طالب علم درمیان میں اٹک جاتا ہے۔ نہ تعلیم ادھوری چھوڑ سکتا ہے اور نہ ہی بند یونیورسٹیوں کو کھول سکتا ہے۔

طلباء کا سب سے سنگین مسئلہ تنگ دستی ہے۔ طویل تعلیمی دور کو گزارنے کے لئے ایک معقول سرمائے کی ضرورت ہوتی ہے جو ہمارے اوسط اور نچلے درجے کے طالب علم کے پاس موجود نہیں۔ اپنے اخراجات پورا کرنا پوری طالب علمی کے دوران درد سر بنا رہتا ہے۔ اس مصیبت سے

اہم اعلان

ماہنامہ یوتھ انٹرنیشنل اردو/انگلش لاہور ۱۴ اگست ۱۹۹۰ء یوم آزادی کے موقعہ پر ایک خصوصی **آزادی نمبر** شائع کر رہا ہے۔

اس سلسلے میں مشتہرین کرام سے استدعا ہے کہ وہ اپنے اشتہارات [illegible] جلد ارسال کر دیں تا کہ انہیں مناسب [illegible] جگہ دی جا سکے۔

سرکولیشن انچارج

ایڈریس:- ایوان اوقاف بلڈنگ لاہور

[illegible] یوتھ انٹرنیشنل پوسٹ بکس 2346 فون 54729 نزد ہائی کورٹ شاہراہ

ماہم بے فیض دانشور

تحریر: ایم جی کھیٹان

آجکل جب کہ زندگی کے ہر طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد اپنی اپنی فیلڈ میں بڑے فعال طور پر متحرک نظر آ رہے ہیں۔

نوکری پیشہ ہوں یا ڈاکٹر، وکیل ہوں یا پھر کوئی خوانچہ خواں۔ ہر ایک اپنی اپنی دھن میں مگن نظر آتا ہے۔ سیاستدان ہو یا سائنسدان ہر اک کی بس یہ آرزو اور جستجو

نجات حاصل کرنے کے لئے طلباء ٹیوشن پڑھاتے ہیں اور پارٹ ٹائم ملازمتیں بھی کر لیتے ہیں جو کہ تعلیمی سرگرمیوں میں رکاوٹ کا باعث بنتی ہیں ۔ روز روز والدین سے پیسے مانگنا طالب علم کے لئے ذہنی کھچاؤ کا باعث بنا رہتا ہے ۔ ایسے حالات میں طالب علم گھر پر بوجھ بنتا ہے اور تعلیم حاصل کرتے کرتے گھر میں اپنا مقام کھو دیتا ہے اور اپنے آپ کو معاشرے کا کوئی فالتو پرزہ سمجھنے لگتا ہے۔ تعلیمی اداروں کے اندر بھی نسبتاً کم خوشحال گھرانوں سے تعلق رکھنے والے طلباء عدم مساوات کا شکار ہیں۔ جن طلباء کی دسترس نہیں انہیں کلاس، پریکٹیکل ، امتحان غرض کہ ہر شعبے میں مسائل کا سامنا ہے تعلیمی اداروں میں بھی عزت کا معیار دولت ، خاندان ، رنگ و نسل اور اثرو رسوخ کو قرار دیا جاتا ہے۔ اگر بات یہیں پر ختم ہو جائے تو ہمیں کوئی شکوہ نہ ہو مگر افسوس کہ سولہ سال ڈھیٹ بن کر وقت کاٹنے کے بعد بھی معاشی مسئلہ بدستور قائم رہتا ہے اور ڈگری لے کر نوکری کے لئے مارا مارا پھرنا پڑتا ہے ۔ بیروزگاری سے واسطہ پڑتا ہے اور چونکہ تعلیمی اداروں میں کوئی ہنر سکھایا نہیں جاتا اس لئے ڈگری حاصل کرنے کے بعد بھی طالب علم کی کوئی مارکیٹ ویلیو نہیں ہوتی ۔ اسی وجہ سے طلباء کو اپنی تعلیمی قابلیت اور اہلیت کے مقابلے میں بہت نچلے درجے کی ملازمتوں سے واسطہ پڑتا ہے۔

ہمارا نصاب ناقص اور ہمارے ماحول سے کوئی تعلق نہیں رکھتا۔ ایسے نصاب سے عملی زندگی میں کسی قسم کی مدد نہیں ملتی۔ کتابوں میں سمجھنے کی کوئی چیز نہیں ہوتی اور ٹیچر کے رٹے رٹائے نوٹس کو پاس ہونے کی پیشگی سند قرار دے دیا جاتا ہے۔ اساتذہ لیکچر ٹھیک طریقے سے تیار نہیں کرتے اور وقت کے بدلتے ہوئے تقاضوں کے مطابق اپنے طرز تعلیم میں کوئی تبدیلی نہیں کر رہے۔ عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ ایک پروفیسر ملازمت کے پہلے سال کے تیار کئے ہوئے لیکچر ہر نئے سال استعمال کرتا ہے اور پوشیدہ مواد طلباء کو فراہم کرتے کرتے ریٹائر منٹ تک پہنچ جاتا ہے۔ سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں داخلے کے مسائل بدعنوانی کی الگ داستان سناتے ہیں۔ طبقاتی نظام تعلیم کے باعث امراء اور وزراء کے بچے سیٹوں پر بڑھ جاتے ہیں۔ سفارش پر نوکریاں حاصل کر لیتے ہیں اور یوں نسل در نسل اپنا تسلط برقرار رکھے ہوئے ہیں ۔ اقرباء پروری اور خاندانی اثرورسوخ امیر کو امیر تر بنا رہا ہے جبکہ غریب مزید پیچھے جانے پر مجبور ہے۔ ایک عام آدمی کا بچہ تعلیم میں بے مقصدیت کو اچھی طرح محسوس کر رہا ہے اور سمجھتا ہے کہ آجکل تعلیم صرف مالدار طبقے کی عیاشی سے زیادہ کچھ باقی نہیں رہی ۔ تیسری دنیا میں بسنے والے بھوکے کو پیٹ بھرنے کے لئے روٹی چاہیئے۔ تن ڈھانپنے کے لئے کپڑا اور رہنے کے لئے مکان چاہیے۔ اگر غریب آدمی کا بچہ سارا دن تعلیم حاصل کرتا رہے گا تو مزدوری کون کرے گا؟ گھر کا چولہا کیسے چلے گا؟ بنیادی ضروریات زندگی کیسے پوری ہوں گی؟ بیماری پر ہونے والا خرچہ کون ادا کرے گا؟ اور ناگہانی مصیبتوں سے کون چھٹکارا دلائے گا؟

ہمارے امتحانات کسی صورت میں بھی قابلیت کو پرکھنے کی کسوٹی نہیں۔ کھوکھلا نظام امتحانات اور بددیانت امتحان لینے والے امتحان کے مقصد کو فوت کر دیتے ہیں۔ اسی طرح امتحانی پرچہ تخلیقی عنصر سے خالی ہوتا ہے ۔ طبقاتی نظام تعلیم کی وجہ سے ایک خاص طبقے کا تعلیمی میدان میں تسلط برقرار ہے اور ہزار کوششوں کے باوجود بھی عوام میں تعلیم عام نہیں ہو رہی ۔ غیر ملکی زبان انگریزی سے تعلیم کے حصول میں مزید پیچیدگیاں پیدا کر دی ہیں۔ دوسری طرف تعلیمپر قابض استاد ، لیکچرار، پروفیسر اور تعلیم یافتہ لوگوں نے اسے ایک کاروبار کی شکل دے رکھی ہے۔ کاروباری حضرات دھڑا دھڑ پرائیویٹ سکول اور کالج کھول کر بھاری فیس بٹور رہے ہیں اور دوسری طرف تعلیمی اداروں سے منسلک ٹیوشن پڑھانے والے طالب علم سے منہ مانگی قیمت وصول کرتے ہیں ۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جو ٹیوشن پڑھنے کی استطاعت نہیں رکھتا وہ کیا کرے؟ ہمیں تو انہیں بھی ساتھ لے کر چلنا ہے جو پیسے سے محروم ہیں۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو ایسا باغی طبقہ ضرور جنم لے گا جو معاشرے سے زیادتیوں کا انتقام لے گا۔ تعلیم بے مقصد ہو چکی ہے اور صرف ڈگری حاصل کر لینے سے نہ آدمی کچھ سیکھ سکتا ہے اور نہ کچھ بن سکتا ہے ۔ انہی برے حالات نے طالب علموں کو مجرم بنا دیا ہے ۔ طلباء بغاوت کرنے پر مجبور ہیں۔ جب طلباء کو کوئی منزل نظر نہیں آتی تو منفی سوچیں اپنا گھیرا تنگ کر لیتی ہیں اور احتجاجوں، ہڑتالوں ، ہنگاموں اور تشدد کا نہ رکنے والا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے ۔ جن کی ذمہ داری غلط تعلیمی پالیسیاں حکومتی ڈھانچے میں موجود چپقلش اور متضاد نظریات کو بے معنی انداز میں یکجا کر کے طلباء پر مسلط کرنا شامل ہے۔

طالب علم معاشرتی ناہمواری سے نفرت کرنا اور محروم طبقات کے حقوق بحال کرنا چاہتا ہے ۔ آج ملک کے لاکھوں طلباء تعلیمی اداروں میں نامساعد حالات کے باوجود باوقار مستقبل کی آس میں مسلسل پڑھے جا رہے ہیں اس عزم اور حوصلے کے ساتھ جو حالات کو بدل لینے کی قوت رکھتا ہے۔ اچھے دنوں کی آس بھی ایک لذیز جذبہ ہوتی ہے جس کی طرف انسان پوری قوت کے ساتھ کھنچا چلا جاتا ہے۔ آس کی یہ مضبوط ڈوری حالات بدل دینے کا سب سے بڑا ہتھیار ہوتی ہے۔ انسانوں کی تقدیریں صرف جذبوں ، حوصلوں اور عظمتوں کے ذریعے ہی استوار کی جاتی ہیں۔ تھکاوٹ اور پیچھے ہٹ جانا پر عزم لوگوں کے لئے بے معنی اور ہیچ الفاظ ہیں۔ اسی طرح ہمارا طالب علم بھی ہر قسم کے حالات سے نبردآزماہ ہونے کا جذبہ اور آگے بڑھنے کا حوصلہ رکھتا ہے ۔ ہمارا نصب العین بڑھتے رہنا ۔ ہمت سے کام لینا اور حالات کو بدل دینا یا لڑتے لڑتے ختم ہو جانا مگر کبھی شکست نہیں ماننا ہے۔ کمزور ، مجبور لاچار انسانوں کی معاشرے میں باعزت بحالی اور طلباء کے حقوق کی بازیابی کے [illegible] سے منتظر اور زبردس[illegible] معروف ہیں۔

زندگی دھجیوں کے غبار کی مانند اپنا بل بنائے ہوئے ہے اور اب ہمیں تلاش ہے رندوں کی جو اس بزم بیکراں کو اپنی رندانہ رازوں سے روشن کریں۔ وہ روشنی جس میں علم و دانش کی مشعلیں ہوں امن کا پیغام ہو اور جذبوں کی شیرینی بھی، مگر یہ کام تو بڑا مشکل ہے وہ بھی اس زمانے میں جبکہ ہر چیز کی قیمت ہے ہر چیز بیکاؤ مال ہے۔ آدمیت خون کے آنسو رو رہی ہے۔ انسانی معاشرہ پریشان حال ہے۔ اولاد آدم کی سوختہ لاشیں انسانی درندگی پہ ماتم کناں ہیں۔ حالات دگرگوں ہیں، نفسا نفسی کا عالم ہے ہر اک اپنیت خود غرضی کی دوکان چمکائے ہوئے ہے۔ اور اب

رخت دل باندھ لو دل فگارو چلو
پھر ہمیں قتل ہو آئیں یارو چلو
(فیض)

گذشتہ دنوں کراچی جانا ہوا، کچھ شناسا، کچھ نا آشنا چہروں سے ملاقات ہوئی، آنکھیں چار ہوئیں، آنکھوں سے چمک غائب، چہروں پہ اداسی، انتہا سا خوف، لبوں میں بے اعتمادی کی لہر دیکھنے میں آئی۔ کچھ فن و ادب کی باتیں ہوئیں، کچھ امن و آشتی کی فضا پہ غور۔ مگر اک بات مجھے بہت پریشان کئے دیتی ہے کہ اک طبقہ جو کہ ہمارے معاشرے کا قیمتی سرمایہ حیات ہے۔ جس کا اگر قلم چلے تو انسانوں کے ذہنوں کو موڑ دے، بستی ہوئی دنیا کے رخ پھیر دے، معاشرے کی اصلاحی زندگی کو مزید دوام بخشے، امن کا علمبردار بن کے انسان کو وحشیوں سے بچائے، خیر کا خواہاں ہے، وہ ہے ہمارا دانشور طبقہ۔ اس کی خاموشی کے اسباب کیا ہیں؟ کیا ان کا معاشرے کیلئے فیض ختم ہو گیا ہے؟ جب کہ ہمیں ان مسیحاؤں کی ہر موڑ پہ اشد ضرورت ہے۔ سیاست میں، سماج میں، ریاست میں۔ پتہ نہیں کب جاگے گا یہ طبقہ؟ کب ان کے ہاتھ حرکت میں آئیں گے اور قلم کو جنبش ملے گی۔ جتنی آج ہمیں اور ہمارے معاشرے کو اپنے دانشوروں سے امن قائم کرنے میں مدد لینے کی ضرورت ہے اتنی کبھی بھی نہیں تھی۔ دیکھا دیکھی میں وقت گزرتا جا رہا ہے۔ ہمارے دانشور کی شاید یہ سوچ ہے کہ ہمارا کوئی نہیں یا ہماری کسی کو بھی ضرورت نہیں، جبکہ معاشرہ کہتا ہے کہ اب ہمارے دانشوروں کو آگے آ کر اپنی اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآء ہونا چاہئیے۔ کون آگے آئے؟ ہمیں قیمتی وقت کا ضیاع ہو رہا ہے۔ ہماری قوم اب مزید نقصان برداشت کرنے کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ شاید میری آرزو مند آنکھیں چشمے کے موٹے شیشوں سے کبھی اخباروں میں یہ سرخی دیکھیں کہ اس ملک کا دانشور جاگ اٹھا ہے کیونکہ قوم نے اسے آواز دی ہے اور اس ملک میں آل پاکستان دانشور کانفرنس کا انعقاد ہو رہا ہے۔ میں پر امید ہوں اور مایوس نہیں ہوں،

ہم دیکھیں گے لازم ہے کہ ہم بھی
دیکھیں گے
(فیض)

اس کانفرنس کا انعقاد اور اس کا سہرا ہماری نوجوان قیادت کے سر ہو گا۔ انشاءاللہ جو اس درد کا دارو ہو گا۔

ہے کہ، خوب سے خوب تر حاصل کیا جائے اس کے علاوہ اک اور طبقہ آدمیت بھی ہے جو صرف اور صرف نگاہ بجھانے اور دوسروں کی ٹانگ کھینچنے میں مصروف عمل ہے۔ اور جن کی وجہ سے ہر روز معاشرے میں کوئی نہ کوئی جرم، بدنظمی و افراتفری جنم لیتی رہتی ہے۔ اس سے جو لوگ فیض یاب ہوتے ہیں اور ہم جیسے بے فیض کیونکہ ہم نہ کسی کی چین میں نہ تیرہ میں بس زندہ ہیں اپنی چھوٹی سی سمجھ کے مطابق جب نظر کرتا ہوں تو مجھے آج کا آدمی یہ کتنا مجبور اور بے کل نظر آتا ہے۔ اپنی جان و نمود ظاہراً دکھاتا ہے مگر اندر سے بالکل کھوکھلا اور جس کے پاس ہو گا یہی کچھ نہیں تو وہ دوسروں کو بھلا کیا دے سکتا ہے۔ میں بھی قصہ چھاج اور چھلنی والا لے بیٹھا۔ دوسروں پہ تنقید اور انگلی اٹھانا تو آسان ہے مگر اپنے آپ پہ نظر کہاں پڑتی ہے۔ دانشکدوں سے تو روز گزر ہوتا ہے مگر وہاں اپنے دانشوروں سے ملاقات نہیں ہوتی۔ ہمارے دانشور حضرات، پتہ نہیں کہاں کھو گئے ہیں کہ ان پر ابھی تک سکوت چھایا ہوا ہے۔ میں بھی یہ باتیں کر کے سن چپکا۔ دانشور، جبکہ ہنوز دلی دور است۔ ہم نے کسی سے پوچھا کہ تم کس کھیت کی مولی ہو یا کیا بیچتے ہو تو میں نے انہیں عرض کیا کہ ہمارا شغل تو درد بیچنے والوں میں ہوتا ہے۔ مشکور ہوں ان درد مندوں کا جو میرے پاس آ کر بانٹتے ہیں۔ ہاں درد بھرا دل کتنا اچھا لگتا ہے۔ جس دل میں درد ہی نہیں وہ دل ہی کیا۔

عورت اور معاشرہ

عورت اور مرد ایک گاڑی کے دو پہیے ہیں۔ ایک پہیے سے گاڑی نہیں چل سکتی۔ عورتوں کے بارے میں مختلف مفکرین نے مختلف آراء پیش کی ہیں۔ کوئی کہتا ہے کہ عورت فساد کی جڑ ہے۔ کوئی عورت کو پاؤں کی جوتی سمجھتا ہے۔ کوئی عورت کو ناقص العقل کہتا ہے تو کہیں عورت کی پوجا کی جاتی ہے۔ آج کے ترقی یافتہ دور میں بھی عورت کے بہت سے روپ ہیں اور ہر روپ میں وہ مختلف ہی نظر آتی ہے۔

اسلام نے عورت کے حقوق و فرائض تفصیل سے بتائے ہیں اور عورت کو معاشرے میں اسکا جائز مقام دیا ہے اسے گھر کی ملکہ قرار دیا ہے۔ اور ماں کے روپ میں اسکے قدموں میں جنت بتائی ہے جبکہ بیٹی کی صورت میں اسے رحمت قرار دیا ہے۔ یوں اسلام نے عورت کے ہر روپ میں اسکا مکمل تحفظ کیا ہے۔

ڈاکٹر احسن فاروقی کے بقول "عورت محراب کا وہ پتھر ہے جسے کلیدی پتھر کہتے ہیں۔ اگر اس پتھر کو نکال دیا جائے تو محراب دھڑام سے گر پڑتی ہے۔ بس اگر عورت نہ ہوتی تو یہ کائنات بھی دھڑام سے گر پڑتی" عطیہ خلیل عرب نے کہا ہے "دراصل مرد اور عورت کی باہمی کشش فطرت کا وہ اقتضا ہے جس کے بغیر نشاط سے آشنا نہیں ہو سکتے" تمام انسانی جذبات میں سب سے زیادہ لطیف اور پر تاثیر جذبہ ہے۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ عورت اپنی فطری کشش کی بناء پر ہر دور میں ارباب فکر و فن کا اہم موضوع رہی ہے

اسلام نے عورت کو صحیح معنوں میں آزادی کا تصور دیا۔ ایک بہتر عملی زندگی دی۔ اسکی عظمت اور احترام کا معیار مقرر کیا اور مرد کے ہاتھوں اسے کھلونا بننے سے روک دیا۔ سماجی و معاشرتی آلودگیوں سے نجات دی لیکن زمانے کے انقلابات بھی عجیب ہیں کہ آج عورت پھر تماشا بن گئی ہے اور اپنے مقام سے ہٹ کر ٹھیک رہی ہے غور کرنے کی بات یہ ہے کہ ہم اسے جو تعلیم دے رہے ہیں۔ اس کا معیار کیا ہے۔ کیا یہ وہی معیار تعلیم ہے جو اسلام کی بنیاد ہے؟ ہمارے کچھ تعلیمی ادارے ایسے بھی ہیں۔ جہاں ناچنا گانا ڈرامے اور فینسی ڈریس شو باقاعدہ انکے نصاب میں ہے۔ اور باہر سے آئے ہوئے غیر محرم افراد کو یہ قوم کی بیٹیاں ناچ گانے سے خوش کرتی ہیں۔ انکے علاوہ ٹی وی و فلم بھی ہمارے معاشرہ پر بہت اثر انداز ہو رہا ہے۔ جس کی وجہ

ہارس ٹریڈنگ

تحریر: ڈاکٹر [illegible]



"ہارس ٹریڈنگ" کی اصطلاح اگرچہ عدم اعتماد کی تحریک کے دوران زیادہ نکھر کے سامنے آئی ہے تاہم مفاد پرست، دولت کے پجاری، تجوریاں بھرنے اور دونوں ہاتھوں سے دولت سمیٹنے کی خاطر تمام انسانی، اخلاقی، نظریاتی اور مہذب اصولوں کو پامال کر کے، مٹھی بھر جنونی انسان، کروڑوں انسانوں کو اپنے قدموں تلے روندتے ہوئے، ان کو کچلتے ہوئے، آگے ہی آگے بڑھتے چلے جا رہے ہیں شاید یہ وہی لوگ ہیں جن کا ذکر کلام پاک میں آیا ہے کہ اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی ہے۔ ان کا دل ہے لیکن اس میں درد نہیں ہے جیسے ایک پتھر ہو، بظاہر ان کی آنکھیں ہیں لیکن ان کو دولت کے علاوہ کچھ بھی نظر نہیں آتا ان کے کان ہیں لیکن وہ کسی دکھی انسان کی فریاد نہیں سن سکتے ان کا سر، کھوپڑی اور دماغ بھی ہے، لیکن ان میں دولت ہی نظر آتی ہے ان کی زندگی کا تنہا تصور، ان کی منزل اور ان کا نصب العین حصول دولت ہے

قیام پاکستان سے قبل ایک ٹاٹا سیٹھ اور ایک سیٹھ برلا تھا، ایوب خان کے ابتدائی دور میں یہ حقیقت نظر تمام پر لائی گئی، کہ ملک کی مجموعی دولت، ۲۲ بائیس خاندانوں کی تجوریوں میں بند ہے یہ ۲۲ خاندان کون تھے؟ اسلام کے نام پر قائم ہونے والے پاکستان میں، اسلام کا نام لینے والے، یہ تو دو تھے نئے مسلمان ٹاٹا اور نئے مسلمان برلا تھے، ہندوستان میں ایک ٹاٹا اور ایک برلا تھا، ان کے استحصال اور ظلم اور ان کی لوٹ کھسوٹ سے نجات حاصل کرنے کے شوق میں ۲۲ خاندان کی غلامی نے عوام کو [illegible] کی زنجیروں میں بری طرح جکڑ [illegible] ایسے خاندان تھے جن کی جڑیں، ہر [illegible] میں قائم تھیں اس لئے کوئی [illegible] نہیں کر سکتا تھا بیو[illegible] [illegible]ندی تھی امریکہ [illegible] تھا، پولیس،

ہے نئی نسل اسلام کے خلاف ہوتی جا رہی ہے۔ اسکی بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم نے اسلامی تعلیمات کو بالائے طاق رکھ دیا ہے اور یورپ کی کورانہ تقلید کو اپنا رہے ہیں۔ ہمارے ہاں انگریزی بولنا مہذب ہونے کی علامت تصور کیا جاتا ہے۔ یہ تمام باتیں والدین دیکھتے ہیں اور خوش ہوتے ہیں کہ ہماری بیٹی یا بیٹا زمانے کے ساتھ چل رہا ہے۔ آج اگر لڑکیوں کو کالج یونیورسٹی میں بھیجا جاتا ہے۔ تو اس کی پشت پر یہ مقصد ہوتی ہے کہ انکی شادی کسی اچھی جگہ پر ہو جائے یوں غور سے دیکھا جائے تو ہماری اخلاقی اقدار بدل رہی ہیں۔

ہمارے ہاں کی عورتیں عورتیں نہ رہیں لیڈر بن گئی ہیں۔ تقریریں کر کے ووٹ مانگتی ہیں اور شوہر کو حکم دیتی ہیں۔ "پیو حقہ، رہو گھر میں، کرو بچوں کی نگرانی" ہمارے ہاں کی عورت وکیل، انجینئر اور کلرک بن گئیں۔ بغیر سوچے سمجھے کہ یہ معاشی بدحالی دور کرنے کا نہیں بلکہ خاندان منتشر کرنے کا طریقہ ہے۔ ایسا کرنے سے ازدواجی زندگی اجڑ کر رہ گئی، ذمہ داریاں تقسیم ہو گئیں، ذہنی سکون ختم ہو کر بچوں کی تربیت مسئلہ بن گیا دولت تو گھر میں آ گئی مگر اس گھر کا نظام درہم برہم ہو گیا۔ یوں عورتوں کا ایک ایسا طبقہ بھی پیدا ہو گیا ہے۔ جو بچوں سے نفرت اس لئے کرتا ہے کہ وہ انکی سوشل لائف میں رکاوٹ بنتے ہیں کیا یہ سب ترقی ہے یا تنزلی؟

معاشرے میں ازدواجی زندگی بہت اہمیت رکھتی ہے آج شادی سے قبل ہی طلاق کے بارے میں سوچا جاتا ہے شادیاں فیشن کے طور پر ہوتی ہے۔ بعد میں بچے یتیم خانہ میں داخل کرا دیئے جاتے ہیں۔ ہمارے ہاں تعلیم وہی حاصل کر سکتے ہیں جو مالی طور پر فارغ البال ہوں۔ اور اکثر خواتین صرف اس لئے پڑھتی ہیں کہ انہیں ایک اچھے شوہر کی تلاش ہوتی ہے کسی نے بالکل بجا کہا ہے کہ "عورت شادی ہونے تک پریشان رہتی ہے اور مرد شادی ہونے کے بعد"۔ مغربی مفکرین کی نظر میں شادی ایک کاروبار کی حیثیت رکھتی ہے۔ جس سے عورت یہ خیال کرنے لگی ہے کہ شادی کی روحانی یا اخلاقی کوئی حیثیت نہیں۔ بلکہ حسن و شباب کا یہ تقاضا ہونا چاہیے کہ زیادہ لوگ اسکی طرف متوجہ ہوں۔ مغربی ازدواجی زندگی کی ناکامی کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ وہاں عورت کا یہ تصور ہوتا ہے کہ وہ شوہر کی ہی ملکیت نہیں ہی بلکہ اسے دوسرے مردوں سے تعلقات رکھنے کا بھی حق ہے

ہماری بعض ترقی یافتہ عورتیں ہر وقت آزادی نسواں کا ڈھنڈورا پیٹتی رہی ہیں۔ اگر وہ مغربی عورت کے ذہن میں گھس کر دیکھیں تو پتہ چلے کہ معاشی آزادی حاصل کرنے کی دھن میں اس نے کتنی مصیبتیں مول لی ہیں۔ پاگل عورتوں کی تعداد اتنی بڑھ گئی ہے کہ ماہرین صحت پریشان ہو گئے ہیں۔ سوسائٹی میں بد نظمی، گھروں میں انتشار اور بے راہروی جیسی مصیبتیں اسکے علاوہ ہیں۔ عورتیں بے خوابی کا شکار اور خودکشی کی طرف راغب ہیں کیونکہ وہاں عورت کی حیثیت ایک کھلونے کی سی ہے۔

الحمدللہ! ہمارے معاشرے میں ابھی ایسا نہیں ہے، کیونکہ ہمارے ہاں اسلامی اقدار ابھی زندہ ہیں۔ لہذا عورت کو چاہیے کہ وہ اپنے مقام کو پہچانے، انسانیت کی اقدار کا احترام کرے اور ان راہوں سے ہٹ جائے جو اسکے لئے نہیں ہیں۔ خاندان کو منتشر نہ ہونے دے عورت کا سب سے بڑا زیور حیا اور پردہ ہے۔ لہذا اسے اختیار [illegible] ہوئے ازدواجی زندگی کو خوشگوار بنانا چاہیے اور اولاد کی بہتر تربیت کر [illegible] معاشرہ کی تشکیل میں [illegible] چاہیے۔

ہارس ٹریڈنگ نے کرپشن پھیلائی

فوج ، انتظامیہ ، خزانہ اور ملک کا نظام چلانے اور عدل و انصاف فراہم کرنے والے الغرض ہر طبقہ اور ہر سطح پر ان کے فرماں برداران گماشتے ، رشتے دار اور عزیز موجود تھے ۲۲ خاندانوں کی اس پنیری کو ملک بھر میں پھیلا دیا گیا اور دیکھتے ہی دیکھتے ان کی تعداد ۱۹۷۰ء میں ۲۲۰ تک جا پہنچی ایک عوامی دور آیا ، تو البتہ ایسے خاندانوں کا محاسبہ اور گھیراؤ شروع ہوا خاک نشین فاقہ کشوں کو ان کج کلاہوں کے مساوی قرار دیا گیا انسانی مساوات کے اس ماحول میں ان نازک مزاج رئیسوں کا دم گھٹنے لگا وہ کسی صورت ایک عام آدمی کو اپنے برابر تسلیم نہیں کرنا چاہتے تھے اور انہوں نے نہیں تسلیم کیا ہندوستان میں تو پہلے سے ہی یہ رواج صدیوں سے چلا آتا تھا کہ جو محنت مزدوری کر کے حلال کی روزی کماتا اور رزق حلال کھاتا تھا ، کمی کہلاتا تھا جو آلتی پالتی مارے آرام سے بیٹھا دوسروں کی کمائی کو ہڑپ کر جاتا تھا ، وہ اشرف میں شمار ہوتا اور اپنے آپ کو اوّل درجے کا شہری سمجھتا تھا ، اور دوسروں کو اچھوت شودر اور ہریجن ------- جو برہمن ، ویش وکھتری کے برابر سطح پر بیٹھ بھی نہیں سکتا تھا ، ان سے ہاتھ نہیں ملا سکتا تھا ، ان کے پڑوس میں رہ نہیں سکتا تھا ، ان کی عبادت گاہوں اور ان کے زیر تصوف ریستورانوں و چائے خانوں میں ایک گھونٹ پانی نہیں پی سکتا تھا وہاں داخل ہونے کا حقدار نہ تھا صدیوں پرانا یہی مزدور نظام یہاں بھی قائم رہا ، اور یہی ۲۲۰ خاندان جو ایک محتاط اندازے کے مطابق سابق مارشل لاء دور میں ساڑھے آٹھ ہزار تک پھیل چکے ہیں اور انہی کے لوگ ، ہر شعبہ زندگی ، بے شک وہ وزارت ہو یا سفارت ، تجارت ہو یا انڈسٹری ، مقننہ ہو یا عدلیہ ، پولیس ہو یا فوج ، درآمد برآمد ہو یا بینکاری ، مقامی انتظامیہ سے لیکر پارلیمنٹ اور سینیٹ تک ، ترنکاری بازار

میں کرنسی کا کاروبار ہو یا اکسائز ٹیکسیشن کسٹمز اور خزانے کے محکمے ہوں ہر جگہ ، ہر سطح پر ، ہر محکمے اور ہر شعبۂ زندگی میں انہی ، مراعات یافتہ خاندانوں کی بالا دستی ہے ہر دور میں ہر حکومت میں وہ شامل رہے اور آج بھی برسراقتدار ہیں حکومتیں اور اقتدار بدلتا رہتا ہے لیکن وہ بطور ایک حکمران خاندان کے ہمیشہ بر سر اقتدار رہتے ہیں

اس مراعات یافتہ طبقے کے لوگ ، جس حال میں بھی ہوں ، حاکم ہی رہتے ہیں دولت کماتے ہیں وہ اسمبلی کی ایک سیٹ کے مالک ہوں ، یا ایک پلاٹ کے ، ان کے پاس ایک کارخانہ ہو ، یا لائسنس و پرمٹ ، کسی ادارے کے قیام کا اجازت نامہ ہو ، یا قرض کی منظوری ، آئی ڈی بی پی ہو یا اے ڈی بی پی ، بینک ہو یا این ڈی ایف سی

ساری زندگی کرائے کی سائیکل بھی نصیب نہ ہوئی وہ ہنڈا اکارڈ پر براجمان نظر آتا ہے زیادہ مہذب لوگ اسے ہارس ٹریڈنگ اور کم تعلیم یافتہ اسے بلیک میلنگ کہتے ہیں جس آدمی کے پاس کوئی پوزیشن ہے وہ اس کا سودا کرتا ہے اچھے لوگوں کی تعداد ہمیشہ آٹے میں نمک کے برابر ہی رہی ہے یہ تو نہیں کہ سکتے کہ اچھے لوگ بالکل ہی ناپید ہو گئے ہیں ، کہ ڈھونڈے سے بھی ان کا نام و نشان نہیں ملتا ، اور نہ ہی یہ کہ سب ہی لوگ برے ہیں لیکن یہ تناسب حوصلہ شکن اور شرمناک ہوتا ہے مثلاً اسلام کے اس عظیم دور میں جب آدھی دنیا پر اسلام کی عظمتوں کے پھریرے لہراتے تھے ، کرب و بلا کے میدان میں ، ۷۲ شہادت کے طلبگار ایک طرف تھے ، اور ساری خدائی دوسری طرف تھی ، جو ہارس ٹریڈنگ کرنا چاہتی تھی کہ بس ، فقط ہمارے ساتھ آ جاؤ ، ہم دنیا جہاں کا عیش و آرام ، سکھ چین اور مال و دولت قدموں پہ نچھاور کریں گے شہادت

ممبران اسمبلی کی خرید فروخت نے عوام کو جمہوریت سے متنفر کیا

طرز کے ادارے ، یہ سب ان کے ہاتھ اور پوزیشن مضبوط کرنے کے لئے ہی استعمال ہوتے ہیں ہارس ٹریڈنگ انہی کے دم قدم سے قائم ہے ، چھانگا مانگا کے جنگل میں منگل ہو ، یا مری کا عیش و نشاط کیمپ ، اسلام آباد کی رونقیں ہوں یا سوات کی گہما گہمی ، ان کے وارے نیارے ہیں ، کوئی نقد وصول کرتا ہے ، کسی کو اس کا متبادل مراعات درکار ہیں کوئی اعلانیہ وصولی کرتا ہے ، کوئی نقد وصول کرتا ہے ، کسی کو اس کے متبادل مراعات درکار ہیں ، کوئی اعلانیہ وصولی کرتا ہے ، کوئی چور دروازے سے بریف کیس لے کر نکل جاتا ہے ایک دن ہم دیکھتے ہیں کسی کے پاس ، اسلام آباد تک جانے کے لئے بس کا کرایہ نہیں ہے ، دیکھتے ہی دیکھتے اس کی "ہارس ٹریڈنگ" رنگ لاتی ہے اور وہ پجارو میں بیٹھا آئس کریم کھاتا نظر آتا ہے جن کو

MANUFACTURERS & SUPPLIERS
Of All types of Cotton textiles and textile articles:-
Bedding Clothing, Dressing Material, Hospital Garments, Uniforms of Armed Forces. Towels, Bed Sheets, Blankets Wollen, K.T. Cloth, Febron etc.

for business dealings contact:
M/S Al-Qadri Trading Corporation (Regd)
P.O. Box No. 2441, G.P.O.
6th Floor Aiwan-e-Auqaf.
Shahrah-e-Quaid-e-Azam
Lahore, Pakistan.
Phone: 54729

"سیاست کی بے رحم دنیا میں کوئی کسی کا ساتھی نہیں"

کے متوالے کہتے تھے ہم باز آئے عیش پرستی اور دولتمندی سے ، ہمیں کسی دوسری سرزمین میں چلا جانے دو ، خدا کی زمین وسیع ہے ہم اسلام کے زریں اصولوں کی بنیاد پر سودے بازی نہیں کریں گے نہ ہمارا تم سے کوئی جھگڑا و تکرار ہے نہ ہم تم سے کچھ مانگتے ہیں ہم تو محبت کے راستوں کے مسافر اور امن کے علمبردار ہیں

خود دار زندگی کا جو حامی ہے وہ حسین
عزت کی موت کا جو پیاسی ہے وہ حسین
جو خالق شعور عوامی ہے وہ حسین
ہر قوم کی نظر میں گرامی ہے وہ حسین

قصہ مختصر بقول شعر :

سردار ، نہ داد ، دست در دست یزید
حقا کہ بنائے لا الہ است حسین

ہارس ٹریڈنگ کا عام فہم مطلب و مفہوم یہ ہے کہ جو لوگ تمہارا ساتھ نہیں

ہر کوئی دوسرے کی لاش پر اپنی عظمت کا محل تعمیر کرنا چاہتا ہے

دیتے ، ان کو مال و دولت یعنی پیسے دے کر ، اپنے ساتھ ملا لو ، اس طرح انسان مال تجارت بن جاتا ہے اور اپنے ضمیر کے سودے کرتا ہے اگرچہ سب ایسا نہیں کرتے ، لیکن بد نامی یقیناً سب کی ہوتی ہے سقوط اندلس و غرناطہ ، سقوط بغداد اور سقوط ڈھاکہ کو بھی لوگوں نے بھلا دیا ہے طرابلس کا خون آلود ریگستان ان کی نظروں سے اوجھل ہے دیر یاسین ، شاتیلہ و صابرا میں خون انسانی کی ارزانی کو بھول بیٹھے ہیں شہد مقدس ، تبریز ، مقدونیہ اور البانیہ کے جگر پاش افسانہ ہائے خونیں کو اگر فراموش کر دیا گیا تو بھی جن ہر دہ دلوں کو سوز زندگی و تپش و حرارت کی ضرورت ہے ان کو خون آلود حرفوں سے تحریر کردہ [illegible] عظمی اور شہادت عکبری کو [illegible] سے پڑھنا چاہئے اگر ہم [illegible] ، معیار اور مثال نہ

رکھیں تو اچھے برے میں تمیز نہیں کر سکتے ، اسلام سکھاتا ہے انسان کی عظمت اور کردار کی پختگی و بلندی ، ابلیس ہمیں گمراہ کرتا ہے کہ چھوڑو انسانیت کی عظمت اور کردار کی بلندی کو ، دیکھو زمانہ کس روش پر گامزن ہے دولت کی عظمت کی بات کرو ، انسان فطرتاً کمزور ہے وہ ذاتی مفادات کی خاطر مال و دولت کے فریب اور حرص و ہوس میں آ جاتا ہے اور اس طرح شرف انسانیت سے نیچے گر جاتا ہے اصل لوگ تو وہ ہیں جو شرف انسانیت کے علم کو بلند رکھتے ہیں جو اصولوں کی خاطر جان دے دیتے ہیں دنیا کی ساری دولت انسانیت کے علم کو بلند رکھتے ہیں جو اصولوں کی خاطر جان دے دیتے ہیں دنیا کی ساری دولت بھی ان کے کردار اور وقار کو نہیں خرید سکتی ، علامہ اقبال نے ان کی کیا خوب ترجمانی کی ہے ،

شہادت ہے ، مطلوب و مقصود مومن
نہ مال غنیمت ، نہ کشور کشائی

عدم اعتماد کی تحریک کے دوران یہ بات زیادہ وضاحت سے منظر عام پر آئی اور وطن عزیز کے لوگوں نے اخبارات میں اس کی درد ناک تفاصیل بھی مطالعہ کیں اس کی تفصیل اور وضاحت سے گریز کرتے ہوئے ، البتہ یہ کہنے کی جسارت ضرور کریں گے کہ اراکین اسمبلی و سینٹ سے قوم یہ توقع ہرگز نہیں رکھتی کہ وہ عوام کے اعتماد اور اپنے ضمیر کو تجارت کا مال بنائیں انہیں یہ حق بھی نہیں پہنچتا کہ وہ مفاد پرستوں کی ترجمانی اور ان کی مالی و دیگر مفاد پہنچانے کے لئے ، اسمبلی کا رکن ہونے کی حیثیت کو سودا بازی کے لئے استعمال کریں ، مالی مفادات اٹھائیں اور اپنے منظور نظر لوگوں کو قومی خزانے سے نا جائز مفادات کے حصول کا موقع دیں مال و دولت کی خاطر انہوں نے بے وفائی کریں عہد ناموں

کو توڑیں وفاداریاں تبدیل کریں اور اپنے عہدوں و مناصب کو بطور دباؤ ، دھمکی اور بلیک میلنگ کے لئے کام کریں

اراکین اسمبلی کو یہ نہیں فراموش کرنا چاہئے کہ ان کی سیٹ ، ان کے پاس عوام کی امانت ہے اس امانت میں خیانت اور اس کا غلط استعمال کرنے کا انہیں کوئی حق حاصل نہیں ہے کسی شخص نے کسی جماعت یا کسی منشور کے نام پر عوام سے ووٹ حاصل کیا اور اسے کامیابی حاصل ہو گئی تو دوسرے انتخابات تک اسے اسی اصول و نظریے پر قائم رہنا چاہئے ، اگر وہ درست بنیادوں اور جائز وجوہات پر بھی اس سے انحراف کرنا چاہتا ہو تو اسے عوام کی بخشی ہوئی سیٹ سے مستعفی ہو کر ، نئے منشور اور نئے پروگرام کی بنیاد پر عوام کا اعتماد حاصل کرنا چاہئے ہمارے ملک اور ہماری قوم کو درپیش مجموعی مسائل و مصائب کا حل صرف جمہوریت میں مضمر ہے جمہوریت ایک شافی علاج ہے وہ تمام افراد اور عناصر و قوتیں جو جمہوریت کو کمزور کرتے ہیں عوام کے دشمن ہیں اور شیطان کے ساتھی ہیں ہارس ٹریڈنگ کے مرتکب اور فلور کراسنگ کرنے والوں کو قوم کبھی معاف نہیں کرے گی

حالات بدلتے دیر نہیں لگتی دنیا میں ہر شے مسافر اور فانی ہے ، وقت تیزی سے بدلتا ہے سیاست کی بے رحم دنیا میں کوئی کسی کا ساتھی دوست اور محسن نہیں یہاں ہر شخص دوسرے کی لاش پر اپنی عظمت کا محل تعمیر کرتا ہے لوگ ایک دوسرے کو کچلتے ہوئے آگے ہی آگے بڑھتے جاتے ہیں لہذا دوسروں پر ظلم کرنا اور یہ امید رکھنا کہ وہ اس پر ترس کھائیں گے احمقانہ سی بات ہے لوگوں سے ان کے ایمان کی روشنی میں ایک خاص مقصد کے حصول کے لئے ووٹ لینا اور بعد ازاں اس مقصد سے انحراف کر جانا ، انسانیت اور انسانوں کی توہین ہے جس کے حساب و سزا کے لئے بھی تیار رہنا چاہئے !

حذر ! اے چیرہ دستاں سخت ہیں فطرت کی

تعزیرس

اسیران جمہوریت کس حال میں ہیں

تحریر
آفتاب
سابق ممبر نیشنل کمیٹی
اسیران جمہوریت

گذشتہ سوا سال کے دوران اسلام آباد کے درو دیوار مارشل لاء کی باقیات کے تذکروں سے گونجتے رہے ہیں سیاسی مہم جوئیوں اور تجربات کی لیبارٹری وطن عزیز میں مروج اصطلاحات میں یہ ایک نیا اضافہ تھا اس اصطلاح کے ساتھ جنرل ضیاء الحق کے گیارہ سالہ دور ظلمت کی سبھی داستانیں جہاں بیماری، نادارتی اور بے [illegible] سے نجات کے خواب دیکھنے والے مظلوم [illegible] کے خلاف روا رکھے گئے جبرو ستم اور [illegible] کے اتحاد ویگانگت کے خلاف ہوئی سبھی سازشوں [illegible] تصور زمین میں چلا آتا ہے [illegible] مارشل لاء کی کوکھ [illegible] اس کا شکار ہوئی کسی بھی قوم کے [illegible] نہ تو کسی [illegible] کے پھول [illegible] ہی ننھوں کی ننھیں نے

جنم لیا ہے ہم یقیناً اب بھی دور آمریت کے دوران پروان چڑھی سازشوں کے اثرات کا سامنا کر رہے ہیں لیکن کوئی کچھ بھی کہے۔ مارشل لاء کی باقیات کی اصطلاح بہر حال اب اپنا وزن کھو چکی ہے۔ نجو جنہیں نہ اپنے آباء کی کوئی خبر ہوتی ہے اور نہ آئندہ نسلوں کے وجود کا کوئی بوجھ اسپان تازی کی صفوں میں کھڑے ہو کر جب اپنا وجود تسلیم کروالیں تو ان کا بانجھ پن ان کے لئے کوئی اتنا بڑا مسئلہ نہیں رہ جاتا اس غیر فطری اختلاط کے نتائج کچھ دیر میں افق سیاست پر ضرور ظہور پذیر ہونگے۔

ہم نے زحمت اس لئے دی کہ مارشل لاء کی باقیات کی اصطلاح کے مقابلے میں ایک ایسی نئی اصطلاح آپکے سامنے پیش کریں جو آپکی اور آپکے ذریعے

قوم کی فوری توجہ اور تجزیے کی مستحق ہے۔ "جدوجہد کی باقیات" کی اصطلاح آج شاید میں پہلی بار استعمال کر رہا ہوں۔ "جدوجہد کی باقیات" سے میری مراد وہ اسیران جمہوریت ہیں جنہوں نے آخری مارشل لاء کے گیارہ سالوں کے دوران پاکستان بھر میں آمریت کے خلاف مزاحمت کی روشن ترین مثالیں قائم کیں۔ باقیات میں انہیں اس لئے کہہ رہا ہوں [illegible] محلاتی سازشوں کے ذریعہ آج انہیں ایک ایسے موڑ پر [illegible] کھڑا کیا گیا ہے جہاں بظاہر وہ تنہا تنہا [illegible] دھارے سے کٹے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں [illegible] میں انہیں اس لئے بھی کہہ رہا ہوں [illegible] قائد وزیر اعظم محترمہ بے نظیر [illegible] بیگم نصرت بھٹو کے [illegible] شرات ملک، معاشر [illegible]

کہیں دکھائی نہیں دے رہے۔ باقیات وہ اس رخ SEVSE سے بھی ہیں کہ وہی یقیناً وہی ایک کارڈ ہے جسکی قیادت اور پارٹی منشور سے وفاداری کسی بھی قسم کے شک و شبے سے بالا تر ہے۔ اور وہ ایک دستہ ہیں جو جدوجہد کے تسلسل کو فروجاں بنائے آج بھی جاری رکھے ہوئے ہیں اور عہد کرتے ہیں کہ کل بھی جاری رکھیں گے۔ آخری فتح تک۔

گذشتہ گیارہ سال کی تاریخ اس جدوجہد سے عبارت ہے جو اسیران جمہوریت نے قلعوں، جیلوں، پھانسی گھاٹوں، کوڑوں کی ٹکٹکیوں اور دوسرے لذت کدوں کی طرف اپنے سفر کے دوران جاری رکھی۔ آج بہت آسانی سے کہا جاسکتا ہے کہ بہاولپور کا حادثہ ملک میں بحالی جمہوریت کا باعث بنا لیکن تاریخ یقیناً اسے کبھی نظر انداز نہ کرسکے گی کہ سیاسی راستہ ان چراغوں سے روشن ہوا۔ جن میں ذوالفقار علی بھٹو، شاہنواز بھٹو ادریس بیگ، عثمان غنی، ادریس طوطی، عبدالرزاق جھرنا، ایاز سموں، نذیر عباسی، عبدالحمید بلوچ تحریک بحالی جمہوریت کے سینکڑوں سندھی پنجابی، پٹھان اور بلوچوں کا خون بھرا رکھا تھا۔ ان پروانوں کو آپ کیا کہئے گا جو اپنے تن بدن کو آج لگا کے کبھی نہ بجھنے والے چراغوں میں ڈھل گئے۔ بھٹو شہید سے انکی محبت ایک جیتی جاگتی حقیقت تھی۔ لیکن یہ محبت بھی بالآخر ملک و ملت، آئین اور ان جمہوری اداروں کے وجود سے محبت تھی۔ جنکا افتتاح بھٹو شہید کے دور حکومت میں ہوا اور خاتمہ جنرل ضیاء لیکن احیاء اس جدوجہد کے نتیجہ میں جو دسمبر آٹھ کو اپنے سفر کے پہلے عرصے کو پہنچی۔ اسیران جمہوریت اس لحاظ سے نہ پی پی پی بلکہ ملک بھر کی ان جماعتوں کا مشترکہ سرمایہ ہیں جو ملک میں آئین اور جمہوری اداروں کی بالادستی چاہتی ہیں۔

نواز شریف اور ان کے حواری اپنے موجودہ عوامی مینڈیٹ سے قطع نظر صراحتاً دور آمریت کی پیداوار ہیں۔ وہ مارشل لاء ایڈمنسٹریٹروں کے شریک اقتدار رہے ہیں۔ انہیں حق پہنچتا ہے کہ اپنے اس [illegible] کے خلاف جدوجہد کرنے والوں کو دہشت گرد

کہیں یا تخریب کار! دو سال پیشتر برطانیہ کے حکومتی ایوانوں میں ایک فائل زیر گردش ہوا کرتی تھی جسمیں جارج واشنگٹن کو دنیا کا سب سے بڑا دہشت گرد قرار دیا گیا تھا۔ اسی صدی میں جناح، نہرو، ناصر، سوئیکارنو، لوعبا، بن بیلا، فرحت عباس کو دہشت گرد قرار دیا گیا۔ آج کے دہشت گردوں میں میر مرتضےٰ بھٹو، یاسر عرفات، عیسیٰ خالد، کرنل قذافی، حافظ الاسد، نور مسوری، نیلسن مینڈیلا کا شمار ہوتا ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے شبیر شاہ اور آزاد کشمیر کے امان اللہ کا نام بھی دہشت گردوں اور تخریب کاروں کی اسی فہرست میں شامل رکھا ہے۔ ہم نے آئین کو منسوخ کرنے والے جمہوری اداروں کو فتح کرنے والے، سندھ، سرحد، بلوچستان، اور پنجاب کو مقبوضہ ریاستوں میں تبدیل کرنے والے فوجی مہم جوؤں کے خلاف جدوجہد کی تھی۔ ہم اپنی جدوجہد کو اپنا اور اپنی آئندہ نسلوں کا ورثہ سمجھتے ہیں۔ ہمارے نزدیک کسی بیرونی حملہ آور

ممبران اسمبلی کی خرید فروخت نے عوام کو جمہوریت سے متنفر کیا

اور کسی اندرونی غاصب نے رنگ و روپ اور کردار و عمل میں کوئی فرق نہیں ہوا کرتا۔ ہمارے نزدیک اندرونی غلامی اور بیرونی غلامی، غلامی ہی ہوا کرتی ہے۔ اسے آزادی یا نیم آزادی کا نام کبھی نہیں دیا جاسکتا۔ ہمیں فخر ہے کہ ہم نے تیسری دنیا کو خواب گراں سے جھنجوڑنے والے ذوالفقار علی بھٹو کی فکر اور سوچ کی روشنی میں اندرونی غلامی کے خلاف جدوجہد کی۔ اگر یہ جرم ہے، اگر یہ دہشت گردی ہے تو ہم اس جرم کا اس دہشت گردی کا سرعام اقرار کرتے ہیں۔ نہ صرف اقرار بلکہ ہم اسے جاری رکھنے کا عہد بھی کرتے ہیں۔

ہم آئین اور جمہوری اداروں کی سر بلندی کی خاطر ہر اس طاقت سے ٹکرا جائیں گے جو خواہ گھر کے اندر بیٹھی ہو یا سات پردوں میں چھپی گھات لگائے موقع کی منتظر ہو۔

ایران جمہوریت جدوجہد کا بنیادی مقصد بہرحال "جدوجہد کی باقیات" کے خلاف اس سازش کو بےنقاب کرنا ہے جسکے ڈانڈے نواز شریف کی الذوالفقار کے خلاف تازہ ترین پراپیگنڈہ مہم سے ملتے ہیں۔ یہ سازش نہ صرف ہمارے خلاف بلکہ وزیر اعظم محترمہ بے نظیر بھٹو اور پاکستان پیپلز پارٹی کے خلاف وفاقی کابینہ کے ایک وزیر اور وزیراعظم کے پرسنل سٹاف کی ایک اہم ترین رکن کی طرف سے کی گئی ہے۔ اس سازش کا ایک مقصد تو پارٹی کے جدوجہد کرنیوالے ہر اول دستے اور وزیراعظم کے درمیان بدگمانی پیدا کر کے پارٹی کو کمزور کرنا ہے۔ تو دوسری طرف پنجاب کے وزیراعلیٰ کے ہاتھ مضبوط کرنا ہے۔ تاکہ ایک طرف ملک میں محاذ آرائی کی کیفیت مسلسل جاری رہے۔ دوسری طرف وزیراعظم مسلسل ایک اعصابی، سیاسی اور ذہنی تناؤ کی کیفیت میں رہیں۔ تاکہ وہ اپنی من مانی کرتے رہیں۔ تیسری طرف پنجاب کے حکومتی ڈھانچے میں کوئی ایسی تبدیلی نہ آئے جس کے نتیجہ میں پنجاب میں پاکستان پیپلز پارٹی کے اس جم غفیر کی نمائندہ قوتیں اقتدار پر قابض ہو جائیں۔ جو اس وفاقی وزیر کو پنجاب کی سیاست سے عملاً بیدخل کر چکی ہیں اس سازش کا بنیادی مقصد وزیر اعظم محترمہ بینظیر بھٹو کے گرد اپنے سازشی معار کو مضبوط تر کرنا ہے۔ تاکہ وزیراعظم جنہیں بیک وقت بہت سے محاذوں پر جنگ کا سامنا ہے۔ اس سازشی گروہ کی دست نگر رہیں اور ان کا پارٹی کے مخلص کارکنوں سے کوئی براہ راست رابطہ نہ ہو سکے۔ اس وفاقی وزیر نے حال ہی میں پنجاب کے وزیر اعلیٰ کے بھائی سے جن کے چندوں پر وہ اس وقت بھی پل رہا تھا جب مخلص کارکن اسے اپنے ایک ساتھی کی حیثیت سے عزت اور وقار کا مستحق ٹھہراتے تھے۔ رابطہ کر کے اسیران جمہوریت کے خلاف آئی جے آئی کی پراپیگنڈہ مشنری سے مدد کی درخواست کی تھی۔

ایس او ایس کی اس کال کا پس منظر بتانے کیلئے مجھے آپ کو اسیران جمہوریت کے اس کنونشن کی یاد دلانا پڑیگی جو جنوری ۲۹ سے جنوری ۳۱ تک اقبال ہال اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ یہ کنونشن پہلے ۱۸ سے ۲۰ دسمبر ۸۹ تک ہونا قرار پایا تھا جس کیلئے ہم تیاریاں مکمل کر چکے تھے۔ کنونشن کے اغراض و مقاصد میں سے اہم ترین ہماری جمہوری حکومت کے استحکام کے لئے تدابیر پر غور و خوض، خود احتسابی کیلئے لائحہ عمل کا تعین اور عملی اقدامات اور بلا مخاذ جماعت مارشل لاء کے سیاسی اسیران کی سیاسی، معاشی اور سماجی بحالی کیلئے تجاویز پر بحث و مباحثہ شامل تھا۔ پی پی پی کے پلیٹ فارم سے یہ ایک ایسا سیاسی عمل تھا جس کے محض ذکر سے ہی پارٹی کے مفاد پرست طبقے میں ہلچل مچ گئی اور اسے فوراً پارٹی دشمنی سے تعبیر کر دیا گیا۔ ہماری قائد کو اس مخصوص لابی نے کنونشن کے اغراض و مقاصد اسی نقطہ نظر سے پیش کئے۔ محترمہ وزیراعظم جو بہرحال بذات خود قید و بند کی صعوبتیں اپنے عظیم باپ اور راہنما اور بھائی کی شہادت کے عمل سے گزر چکی تھیں ان بےمعنی خدشات کو رد کر دیا۔ جب اسی مسئلے کا ذکر وفاقی کابینہ میں ہوا تو اس وفاقی وزیر نے جو اسیران جمہوریت کے وجود کو اپنے ذاتی مفادات کے لئے استعمال کرنے کا متمنی تھا۔ خواہش ظاہر کی کہ کسی "اور" کی بجائے اسے اس کنونشن کے سلسلے میں کوارڈینیٹر مقرر کیا جائے۔ محترمہ نہ صرف اسیران جمہوریت کو انتہائی عزیز رکھتی ہیں بلکہ اب وہ ایک منجھی ہوئی دور اندیش سیاسی راہنما بھی ہیں انکی خواہش تھی کہ اسیران جمہوریت کا کنونشن پارٹی کی مزید قوت کا باعث بنے اور حالات کی اس نچلے طبقہ کی زبان سے ایسی تصویر کشی ہو جو آئندہ کیلئے سیاسی راہوں کے تعین میں مددگار ثابت ہو۔

اس وفاقی وزیر نے بہرحال پہلے تو اسیران جمہوریت کو خریدنے کی کوشش کی۔ اور صاف عندیہ دیا کہ وزیراعظم کی اسے ہی اختیارات اور وسائل کی تقسیم کا سرچشمہ سمجھ کر اسیران جمہوریت اس کی دم توڑتی لابی کا حصہ بن جائیں۔ اس کوشش میں ناکامی کے بعد اس نے ایران جمہوریت اور قائد کے درمیان محاذ آرائی کی صورت پیدا کرنے کے لئے منصوبہ بندی کی ابتداء کی جسکی انتہا اس کے میاں شہباز شریف سے اس سلسلے میں رابطوں پر منتج ہوئی۔ پٹرولیم کے وفاقی وزیر جہانگیر بدر نے سیاسی اسیروں سے مذاکرات کے بعد پارلیمنٹ ہاؤس میں ایک دوسرے وفاقی وزیر کی موجودگی میں اسیران کو اپنے کنونشن کی

"ہم اپنی جدوجہد کو اپنا اور اپنی آئندہ نسلوں کا ورثہ سمجھتے ھیں"

تاریخ کا اعلان کرنے کو کہا لیکن دوسری طرف محترمہ وزیراعظم سے یہ کہا کہ چونکہ سیاسی اسیران کے اسلام آباد میں اکٹھے ہونے سے پارٹی کے وجود کو خطرہ تھا لہذا اس نے اسیران کے نمائندوں کو کنونشن کا خیال اور پروگرام ترک کر دینے پر آمادہ کر لیا ہے۔ ہمارے نزدیک یہ حرکت پارٹی کے مخلص اور بیمثال قربانیاں دینے والے کارکنوں سے اور انکی قائد محترمہ بینظیر بھٹو وزیراعظم پاکستان سے معمولی بےوفائی نہیں بلکہ عظیم غداری کے مترادف تھی۔ یہ قیادت اور کارکنوں کا ٹکراؤ پیدا کرنے والی وہ تباہ کن سازش تھی جس کا خیال آج تک آئی جے آئی کے جغادری پیشہ ور اغواہ بازوں اور ڈس انفارمیشن کو بھی نہیں آ سکا تھا۔ اس صورت حال میں ہم نے سازشوں کا مقابلہ خاموشی سے کرنے کا تہیہ کیا کہ ہمارے خیال میں یہی پارٹی مفاد میں تھا۔ جیسا کہ آپ کے علم میں ہے۔ اسیران جمہوریت کا کنونشن ہوا۔ جسکی افتتاحی تقریب میں پارٹی کے سینئر وائس چیئرمین شیخ محمد رشید صاحب، مہمان خصوصی تھے۔ سازشی گروہ نے کنونشن کے دوران مسلسل تخریبی کارروائیاں اور نفسیاتی جنگ جاری رکھی۔ تاکہ یہ بدنظمی کا شکار ہو جائے۔ حکومتی سازشی حلقوں کی طرف سے ہمیں پیغامات ملے کہ ہم مطالبات کے سلسلے میں بلیک چیک تمہارے حوالے کرتے ہیں شیخ رشید کو سٹیج سے ہٹا دو۔ یا کم از کم انہیں تقریر کا موقع نہ دو۔ اگلے روز وزیراعظم پاکستان کے خصوصی حکم کے تحت ملک غلام مصطفےٰ کو حلقہ نمبر ۹۹ کی اہم ترین انتخابی مہم کو چھوڑ کر کنونشن میں شریک ہوئے اور وزیراعظم پاکستان اور اپنی طرف سے سیاسی اسیران کی بیمثال جدوجہد کو خراج تحسین پیش کیا۔ مصطفےٰ کھر کی آمد سے چند گھنٹے پیشتر ہمیں یہ پیشکش کی گئی کہ مصطفےٰ کھر کی بجائے جہانگیر بدر کو آج کا مہمان خصوصی بنا لیا جائے تو وہ ہر ضلع میں سیاسی اسیران کے لئے ایک سے پانچ کروڑ روپے تک کے صنعتی اور زرعی پراجیکٹ اپنی نگرانی میں ایک ماہ کے اندر اندر نہ صرف منظور کروا دینگے بلکہ مہینہ ختم ہونے سے پہلے ان پر تعمیراتی کام کی ابتداء بھی کر دی جائیگی۔ مجھے اور میرے ساتھیوں کو یہ بخوبی احساس تھا کہ جو شخص اسے فرش سے عرش پر بٹھا [illegible] دینے والی ہماری قائد محترمہ سے مخلص نہیں ہو [illegible] اسے اسیران جمہوریت کے ننگ دھڑنگ قافلے سے [illegible] مفادات کے لئے خون کا آخری قطرہ نچوڑ [illegible] اور کیا دلچسپی ہو سکتی ہے۔ اس [illegible] وفاقی وزیر کے منصوبے کے [illegible]

ڈس انفارمیشن سیل نے اسیران جمہوریت کے خلاف وہ مہم شروع کی جس کے مطابق آج ملک میں چلنے والی ہر گولی میں اور میرے ساتھی چلا رہے ہیں جنہیں پچھلے سوا سال سے یہ فکر نہیں ہوتی کہ آیا وہ اپنے اگلی صبح کے کھانے اور سرائے کے منجی بستر کا خرچ دے سکیں گے یا نہیں۔!

کنونشن کے آخری روز پارٹی کے سیکرٹری جنرل شیخ رفیق احمد بھی تشریف لائے جنہیں سندھ، بلوچستان، سرحد، قبائلی علاقہ جات اور شمالی علاقہ جات سے آئے ہوئے فاقہ مست اسیران نے جن میں خاصی تعداد قانون اسیران کی بھی تھی محض اس لئے سننے سے انکار کر دیا کہ انہیں شیخ صاحب کے ماضی سے گلہ تھا اور حال سے شکوہ کہ جب اسیر جیلوں میں تھے تو شیخ صاحب نے یہ کہہ کر ان سے تعلق توڑ لیا تھا کہ وہ کوئی مجھ سے پوچھ کر جیلوں میں گئے تھے اور جب جیلوں سے رہا ہوئے تو بیگم صاحبہ کے بعد پارٹی کا تیسرا سینئر ترین عہدیدار ہونے کے باوجود انہوں نے ملک بھر میں دکھوں اور مصائب کا شکار ان اسیران کے سر پر سوکھا دست شفقت بھی نہ رکھا۔ شیخ صاحب کے ساتھ کنونشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کے سنٹرل سیکرٹریٹ کے انچارج شیخ منصور بھی تھے۔ شیخ منصور نے کنونشن سے دو روز پیشتر ہمیں بتایا کہ وزیراعظم نے کراچی سے براہ راست دو بار اس سے بات کی ہے اور ذاتی حکم دیا ہے کہ سابقہ سیاسی اسیران کو پارٹی دفتر سے نکال دو اور اگر نہیں نکلتے تو طاقت کے ذریعہ دفتر خالی کروا لیا جائے۔ شیخ منصور کو ان سیاسی قیدیوں نے جنہوں نے دس سے گیارہ سال تک طویل سزائیں بھگتی تھیں تھپڑ اور دھکے مار کر ہال سے باہر نکال دیا۔ ہمیں اس پر کوئی خوشی نہیں لیکن صبر کی آخر کوئی حد ہوتی ہے۔ ہمارے خلاف پارٹی دشمنی کا الزام لگایا گیا۔ ہمیں فورتھ انٹرنیشنل کا ایجنٹ کہا گیا۔ ہم پہ الزام لگا کہ نواز شریف اور تحریک استقلال کنونشن کو سپورٹ کر رہے ہیں۔ ہمارے خلاف متوازی تنظیم بنانے کی کوشش کی گئی جبکہ اب تک جہانگیر بدر اور سازشی گروہ سیاسی اسیران کو تقسیم کرنے کی کوششوں میں معروف رہیں۔ بجائے اس کے کہ ان کے مسائل کا حل ڈھونڈا جاتا۔ زخموں پہ مرہم رکھا جاتا۔ شطرنج کی بازی سمجھ کر ایک انتہائی سنجیدہ اور پارٹی کے لئے بہت اہم سیاسی عمل کو بیہودہ [illegible] اور سازشوں کے حوالے کر دیا گیا۔ ہم نے آخری [illegible] تک پارٹی کے عزت اور وقار کی خاطر خاموشی، [illegible] سے کام لینے کی کوشش کی۔ لیکن یہ [illegible] کے خلاف سازشوں کا خصہ تھا کہ [illegible] جائیں۔

اسیران جمہوریت اور پارٹی کارکنوں کے کاز سے پارٹی کے بہت سے مقتدر اصحاب کو بھی ہمدردی رہی ہے لیکن دوسرا المیہ یہ ہوا کہ محترمہ وزیراعظم تک پہنچ جن لوگوں کے ذریعہ ہو سکتی تھی وہ بھی اس سازش میں حصہ دار بن گئے۔ آج پیپلز پارٹی کا سب سے بڑا المیہ یہ بن چکا ہے کہ پارٹی کے اندر سچائی کی سزا سیاسی موت قرار دے دی گئی ہے اور موت ان ہاتھوں سے جنکا نہ اس پارٹی کو بنانے میں کوئی حصہ تھا اور نہ

ضیاء کے پھانسی کے پھندوں کے سامنے جئے بھٹو کے نعرے لگائے تو

مارشل لاء کے دور میں اسے زندہ رکھنے میں کوئی کردار، وزیراعظم کی پولیٹیکل سیکرٹری مس ناہید خان جنہیں پارٹی کے خاص و عام ذہنی پرائم منسٹر کے نام سے یاد کرتے ہیں کے متعلق کوئی بات کرنا آج سیاسی موت کے مترادف بن چکا ہے لیکن ہم سابقہ سیاسی اسیر یہ سمجھتے ہیں کہ ملک کی خاطر، محروم طبقات کی خاطر، بھٹو سیاست اور بھٹو قیادت کی خاطر ہم سچائی کا پرچم بلند کریں گے خواہ اس جرم کی سزا سیاسی موت ہو۔ حادثاتی موت ہو۔ تباہی یا بربادی ہو۔ ہم اپنی قائد سے براہ راست رابطے کی تمام کوششوں میں ناکام ہو چکے ہیں۔ یہ ناکامی اسی سازش کا نتیجہ ہے۔ جس کا بنیادی مقصد ورکر اور قیادت میں تصادم کی فضا پیدا کرنا ہے۔ جس کا مقصد الذوالفقار کے نام پہ آئی جے آئی کو اپنے مخلص کارکنوں کو کچلنے کیلئے فضا ہموار کر دینا ہے اور جس کا مقصد اپنے گھٹیا مفادات کا تحفظ کرنا ہے۔ مس ناہید خان نے انتہائی مایوس کن کردار ادا کیا تھا۔ ہمارے پاس

اس امر کے ٹھوس ثبوت موجود ہیں کہ انہوں نے اسیران جمہوریت کو اکٹھا ہو کے حالات کا تجزیہ کرنے سے روکنے کی خاطر پارٹی اور حکومت کے خزانوں کے منہ کھول دیئے تھے۔ ہم نے بذات خود بھی اپنے بعض انتہائی لاچار ساتھیوں سے یہ ترکیب استعمال کرنے کو کہا تھا کہ ناہید خان جو تحریک عدم اعتماد سے قبل تک وزراء اور قومی اسمبلی کے ممبران تک سے ملنا گوارا نہ کرتی تھیں۔ آجکل سبھی در کھولے بیٹھی ہیں۔ جاؤ اور مسائل پل جھپکنے میں حل کروا لو اور واقعتاً ایسا ہوا بلکہ آج بھی ہمارے بہت سے مجبور ساتھی اس ترکیب کو استعمال کر رہے ہیں۔ اگرچہ وہ دل سے ہمارے ساتھ ہیں اور وقت پڑنے پر ہماری صفوں میں ہونگے۔ مس ناہید خان، جہانگیر بدر کی بڑی سازش کا شکار ہوئی ہیں یا نہیں، ہم وقت آنے پر ضرور اس کا انکشاف بھی کرینگے۔ اسیران جمہوریت کے لئے کنونشن کے آخری روز اختتامی اجلاس کے بعد محترمہ وزیراعظم کی طرف سے ایک عشائیے کا بندوبست بھی کیا گیا تھا جو یقیناً ان کے لئے باعث اعزاز ہوتا لیکن صرف چند گھنٹے پیشتر بظاہر مس ناہید خان کی طرف سے ایک پیغام آیا کہ اگر اسیران جہانگیر بدر سے معافی مانگ لیں اور ان کے ساتھ مل جائیں۔ اسے اپنی صدارت دے دیں تو عشائیہ پھر ہی دیا جا سکتا ہے۔ وہ اسیران جمہوریت جنہوں نے جنرل ضیاء کے پھانسی کے پھندوں کے سامنے جئے بھٹو اور وفاق زندہ باد کے نعرے لگائے تھے۔ ان سے ایک وقت کی روٹی کے لئے سمجھوتے کی توقع اس ذہنیت کی مکمل عکاسی کرتی ہے جسکی نمائندگی مس ناہید خان اور ان کے قبیل کے وہ لوگ کر رہے ہیں جو کل، ہم اپنی قائد کو بتا دینا چاہتے ہیں، مسعود محمود کا کردار ادا کر رہے ہونگے۔ مس ناہید خان کے ذاتی کردار کے متعلق بات کرنے کی کوئی ضرورت محسوس نہیں کرتے لیکن ان کا سیاسی کردار آج اس قدر اہمیت اختیار کر چکا ہے کہ اس کے لیے ہمارے قائد بھٹو خاندان کی سیاست، [illegible] اور کردار پہ بھی [illegible] ہیں [illegible] اپنی سیاسی زندگی داؤ پہ لگا کے اپنی قائد کو کھلے الفاظ میں بتا دینا چاہتے ہیں کہ اس

سازشی گروہ جو ملک بھر کی نفرت اور حقارت کا نشانہ بن چکا ہے۔ اپنی سیاسی عزت اور وقار بچانے کو تحفظ دینے کیلئے اب ان کے پاس کوئی وقت مزید انتظار کرنے کیلئے نہیں بچا۔ میں ناہید خان کے کردار کے اس حصے کے متعلق جسکے سائے بھٹو قیادت اور عوامی مفادات پر پڑ رہے ہیں۔ کہ ہم بہت جلد دستاویزی ثبوت پوری قوم کے سامنے پیش کر دیںگے۔

ہمارے لئے یہ صورت حال یقیناً دکھ اور افسوس کا باعث ہے۔ ہم قطعاً نہیں چاہتے تھے کہ ان کپڑوں کو سرعام یوں دھویا جاتا لیکن المیہ تو یہ ہے کہ ہمارے لئے اس کے سوا سبھی راستے بند کر دیئے گئے ہیں۔ وزیراعظم اسیران جمہوریت، انکی سوچ اور مقاصد سے پوری طرح متفق ہونے کے باوجود ان سازشوں سے بےخبر ہیں۔ جنکی مختصر سی تفصیل میں آپکو دے رہا ہوں۔ اس وقت ملک بھر میں ناصرف سیاسی اسیر بلکہ عام ورکر بھی صورت حال سے مکمل طور پر نالاں اور بےزار بیٹھا ہے۔ یہ لاوہ کسی بھی وقت پھٹ سکتا ہے۔ رسم وفا اور پاس عہد کا یہ تقاضہ تھا کہ ہم اپنی قائد کو ہر وقت صورت حال سے مجبوراً سرعام مطلع کر دیں اور ہم بےخوف و خطر آج یہ فرض نبھا رہے ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ قائد محترمہ صورت حال کی سنگینی کو سمجھتے ہوئے اس سلسلے میں فوری اقدامات کرینگی۔

سیاسی اسیران کے اس مختصر سے گروہ کا ذکر بھی ضروری ہے۔ جو چھوٹے چھوٹے مفادات کی خاطر مجموعی کاز سے روگرداں نظر آ رہے ہیں۔ ہم اپنے ان دوستوں کی مجبوریوں سے بخوبی آگاہ ہیں۔ لیکن انہیں یہ دینا اپنا فرض سمجھتے ہیں کہ مجموعی مفادات کے خلاف ذاتی اغراض کی خواہشات انکی گیارہ سالہ جدوجہد پر مکمل پانی پھیر دینگی۔ اس وقت سوال بھٹو قیادت اور پارٹی منشور کی بالادستی کا ہے۔ سوال ان لوگوں کی بقا کا نہیں جو انہیں اپنے مفادات کی خاطر استعمال کر رہے ہیں اور اس ہنر میں طاق ہیں لیکن کل وقت بدلنے پر وہ ہر صورت مسعود محمود کا کردار ادا کرتے ہوئے نظر آئیں گے۔ ہمیں یہ بھی یقین ہے [illegible] جمہوریت اور پارٹی کارکنوں کے [illegible] سے روگردانی کرنے والا کوئی بھی [illegible] خود بھی [illegible] کا حصہ بنا ہوا ہے [illegible] ہیں۔ اپنی سیاسی [illegible] پارٹی کی [illegible] کی زندگی

کسی سیاسی ورکر کیلئے کبھی باعث افتخار نہیں ہو سکتی۔

ایک مقامی روز نامے میں ایک خبر تھی کہ "سیاسی اسیران وزیر اعظم سیکرٹریٹ کے باہر بھوک ہڑتال اور احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں۔" یہ خبر اسی سازشی گروہ کے گھٹیا اذہان کی تخلیق تھی۔ حقیقت تو یہ ہے کہ جس روز یہ خبر لگی۔ اس روز اسیران جمہوریت کی کمیٹی کی مس ناہید خان اور چیخ رفیق احمد سے مفصل ملاقاتوں کا پروگرام طے ہو چکا تھا۔ وہ ملاقاتیں کیوں نہ ہو سکیں اس کے متعلق ہم اپنے خیالات اپنی قائد محترمہ بےنظیر بھٹو صاحبہ کیلئے محفوظ رکھ رہے ہیں ان ملاقاتوں کا نہ ہونا ہمارے لئے معمولی اہمیت کا حامل ہونا ہرگز نہیں بہر حال سازشی گروہ نے ہماری بےخبری کے عالم میں پہلے بھوک ہڑتال کی خبر شائع کروائی۔ اور اگلے روز یعنی ۳ مارچ کو کچھ سیاسی اسیران کی طرف سے یہ خبر کہ انکا احتجاجی اقدامات سے کوئی تعلق نہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ سب اسی سازش کا حصہ ہے۔ جس کے تحت ورکر اور قیادت کے درمیان غلط فہمیاں اور تصادم کی صورت پیدا کرنے کی کوشش اور کے دوہرے تہرے مفادات حاصل کئے جا رہے

ہیں۔ ہم یہاں یہ اعلان کر رہے ہیں کہ ان خبروں سے ہمارا کوئی تعلق نہیں۔ اگر ۵ تاریخ کو وزیر اعظم ہاؤس کے باہر کوئی مظاہرہ ہوتا ہے۔ ہمارا اس سے کوئی واسطہ نہیں ہوگا۔ البتہ تازہ ترین صورت حال میں جب کہ سازشی گروہ مسلسل جارحیت پر تلا ہوا ہے اور وہ قائد کو ملک بھر کے مخلص ترین ورکروں سے بدگمان کرنے کی سر توڑ کوششیں کر رہے ہیں۔ ہم اپنی پوزیشن کی وضاحت کیلئے مندرجہ ذیل اقدامات اور تجاویز اٹھا رہے ہیں۔

(۱) ملک بھر کے پارٹی ورکرز اور سیاسی قیدی یہ کال دی جا رہی ہے کہ وہ سازشی عناصر کے خلاف پارٹی اور بھٹو قیادت کے وقار کے تحفظ کی جنگ میں صف بندی شروع کر دیں۔ ہم مناسب وقت پر لیکن بہت جلد اس سلسلے میں عملی اقدامات اٹھائیں گے۔

(۲) ۱۰ مارچ کو ملک بھر کے چیدہ چیدہ سیاسی اسیر اسلام آباد میں اکٹھے ہو کر اپنی قائد محترمہ بےنظیر بھٹو سے ملاقات کیلئے وزیراعظم سیکرٹریٹ میں جائیں گے تاکہ انہیں مکمل صورت حال سے آگاہ کر سکیں۔

(۳) اگر پولیٹیکل بیورو کریسی اور سازشی عناصر ورکر اور قائد کے درمیان دیوار بنے رہے تو پھر ہم ناصرف اسلام آباد بلکہ ملک بھر میں پارٹی دشمنوں کے خلاف راست اقدام کریں گے۔ اس اقدام میں ہمیں دانشوروں، طلبا، کسانوں، مزدوروں اور عورتوں ہر ایک کی مکمل حمایت

COTTON TEXTILES & TEXTILE ARTICLES

FOR ALL TYPE COTTON TEXTILES AND TEXTILE GARMENTS

ARTICLES: Bedding Clothing, Dressing Material, Hospital Garments, Uniforms of all Forces, Towels, Bed Sheets, Blankets Woolen, K.T. Lattah, Malmal, Dossoti, Linen Cloth, etc.

Contact:
AL-QADRI TRADING CORPORATION (Regd.)
Manufacturers, Govt. Contracters, Suppliers.
[illegible] 6th Floor Alwan-e-Auqaf, [illegible]id-e-Azam, Lahore, Pak.
[illegible]1, G.P.O.

حاصل ہو گی۔

(۴) ہم پارٹی کی خاطر بھٹو قیادت کے عزت و وقار کی خاطر اور پارٹی ورکرز کی عزت نفس کی بحالی کی خاطر اپنی قائد محترمہ بےنظیر بھٹو سے یہ اپیل کرتے ہیں کہ وہ سازشی عناصر کو فوری طور پر سبکدوش کر کے اپنے اور عوام کے درمیان کی دیوار برلن کو ختم کر دیں۔

(۵) ہم مس ناہید خان اور مسٹر جہانگیر بدر کے ملک بھر کے اسیران جمہوریت اور پارٹی ورکروں کے خلاف انتہائی ذلت اور توہین آمیز رویے کے خلاف شدید احتجاج کرتے ہوئے اپنی قائد سے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ ان کے خلاف اعلیٰ سطح کا ایک پارٹی کمیشن بٹھائیں جو ناصرف اس معاملے میں بلکہ انکے اس کردار کے متعلق مفصل تحقیقات کرے جو حکومت اور قیادت کی مسلسل بدنامی کا باعث بنا ہوا ہے۔ اسیران جمہوریت اور ملک بھر سے ہزاروں لاکھوں پارٹی ورکرز ان کے خلاف بیشمار معاملات میں زبانی اور دستاویزی ثبوت مہیا کرینگے۔

آخر میں ہم اپنی چیئرپرسن محترمہ بیگم بھٹو صاحبہ اور وزیراعظم پاکستان محترمہ بےنظیر بھٹو کو ملک بھر کے ہزاروں اسیران جمہوریت کی طرف سے تمام معاملات انکی مکمل اور غیر مشروط حمایت کا یقین دلاتے ہیں۔ ہم یہ تجدید عہد بھی کرتے ہیں کہ ہم اپنے خون کا آخری قطرہ بھی ان مقاصد کے حصول کیلئے استعمال کرینگے جنکی خاطر شہید بھٹو کال کوٹھری سے پھانسی کے پھندے تک گئے۔ یہ گلے شکوے ہم نے کھل کر صرف اس لئے کئے ہیں کہ ہمارے لئے باقی تمام راہیں محدود کر دی گئی تھیں اور ہم کسی صورت بھی موجودہ خطرناک صورت حال میں وہ رول ادا نہیں کرنا چاہتے ہیں جو ان لوگوں نے ادا کیا۔ جب قائد شہید کچھ اس قسم کے حالات میں پھانسی کے پھندے کی طرف بڑھ رہے تھے سازشی عناصر قیادت اور ورکرز کے درمیان ایک ایسی خلیج کو مزید وسعت دے رہے ہیں جو جمہوریت دشمنوں کے مقاصد کی تکمیل کے لئے اشد ضروری ہے۔ ان حالات میں خاموشی جرم ہوتی۔ آپ نے اسمبلی کے ممبران یا پولیٹیکل بیورو کریسی کا مقدر بدلنے کا حلف نہیں اٹھایا۔ آپ کی کمٹمنٹ عوام سے ہے اور پارٹی ورکرز اور اسیران جمہوریت ہی ان کے اصل نمائندے اور روپ ہیں۔ ہم اعتماد دیانتداری اور اخلاص سے یہ کہہ رہے ہیں کہ اگر آپ اپنی "جدوجہد کی باقیات" ورکرز اور پروانوں کی قیادت کرتے ہوئے آگے بڑھیں گی تو مارشل لاء کی باقیات صفحہ ہستی سے حرف غلط کی طرح مٹ جائینگی لیکن اگر میدان سازشی عناصر ہی کے ہاتھوں میں رہا تو تاریخ یقیناً ایک بار پھر اپنے آپ کو دہرائے گی۔ ہم اگرچہ تباہ بھی آپ کے ساتھ ہونگے۔ کوئی اور نہ ہوگا۔

(۱) ایکس میجر آفتاب احمد کنونیر نیشنل کمیٹی
(۲) غلام مصطفیٰ میمن کنونیر سندھ کمیٹی
(۳) کامران حیدر کیانی کنونیر سرحد کمیٹی
(۴) لیاقت علی عمرانی کنونیر بلوچستان کمیٹی
(۵) محمد شفیع کنونیر پنجاب کمیٹی
(۶) محمد حسین نشہ کنونیر قبائلی علاقہ جات

LONDON PICTURES SERVICE

A SAFER TWO-WHEELER



This revolutionary feet first, two-seater, two-wheeler which combines the performance and agility of a motorcycle with the comfort and safety of a small car has recently been launched in Britain.

Called Voyager and produced by Speake and Company of Powys in Wales, it has been hailed as the first two-wheel car because its aerodynamically designed bodywork protects the riders against injury and the weather and also features a large luggage compartment.

The machine is powered by a Reliant 850 cc engine and has a top speed of around 130 mph (210 kph). It has a lower centre of gravity than conventional motorcycles which the makers claim improves handling and reduces weight transfer braking and acceleration. Its centre-hub steering/suspension system ensures lower rotational inertia and better structural stiffness, making handling far more stable. The suspension is similar to that in many cars having a double wishbone which allows degrees of steering lock [illegible] side.

The steering offers unusual protection in the event of a head-on collision. On traditional motorcycles the telescopic suspension folds back on impact, endangering the rider and possibly causing a catapul[illegible] fall. With Voyager, a crash [illegible] actually causes the front to rise and the suspension is designed to penetrate an obstacle and to collapse in such a way as to absorb much of the energy impact. Oth[illegible] features include a body structure of folded and welded steel sheet[illegible] tube with a sound-proofed bodyshell. Seating incorporates a car[illegible] back with adjustable rake.

In its existing form the machine is ideal for long distanc[illegible] but other uses are being considered including commuter, cour[illegible] paramedic applications.

Speake and Company Ltd, Elvicta Estate, Crickhowell, Powy[illegible]
NP8 1DF Tel: 0873 811281 Fax: 0873 810958.

کوئی "گریٹ پرفارمنس دی ہے۔ مجھے تو فلم دیکھ کر جوہی کا کام بہتر لگا۔ جوہی اور ان کے باپ کا رول کرنے والے گوگا کپور نے بہت اچھا کام کیا ہے۔ باقی سب کا کام ٹھیک ٹھاک سمجھئے"۔ عامر نے جواب دیا۔

"ناصر حسین کہتے ہیں کہ انھوں نے آپ کی شخصیت میں اداکار کم اور ہدایتکاری کی صلاحیت زیادہ دیکھی ہے۔ اس بارے میں آپ کیا کہیں گے؟"

"جی ہاں ... دراصل میں نے فلم "منزل منزل" اور "زبردست" میں بحیثیت اسسٹنٹ ان کے ساتھ کام کیا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ میرا رجحان ہدایتکاری کی طرف ہے۔ اور میں جلدی ہی اس طرف لوٹ جانے کی امید رکھتا ہوں"۔ عامر نے کہا۔

"فلم "قیامت سے قیامت تک" میں ناصر حسین کی اپنی عشقیہ زندگی کی جھلک دیکھنے کو ملتی ہے۔ تو کیا آپ کو ان سے کوئی نصیحت ملی"۔ میں نے معلوم کیا۔

عامر نے ان کی فلموں کی تعریف کرتے ہوئے کہا "ایسا ممکن ہے کیونکہ وہ ایک ایسے ہدایتکار ہیں جن کی بہت ساری فلمیں میں نے شروع سے آخر تک پوری دلچسپی کے ساتھ دیکھی ہیں۔ ان کی فلموں میں وہ سبھی چیزیں ہوتی ہیں جنھیں دیکھنے والا پوری دلچسپی سے دیکھتا ہے۔ دوسرے ان کی فلموں میں یہ بھی خاصیت ہے کہ ہر فلم فیملی کے ساتھ بیٹھ کر بے جھجک دیکھی جا سکتی ہے"۔

"لیکن جب تک آپ بطور اسسٹنٹ ان کے پاس پہنچے تب تک ان کی پہلے والی خوبی تو کھو چکی تھی۔ آپ کی کیا رائے ہیں؟" میں نے سوال کیا۔

"میں مانتا ہوں کہ "منزل منزل" اور "زبردست" ان کی بہترین فلموں میں نہیں ہیں لیکن اس کا مطلب یہ تو نہیں ہوا کہ ان کی سبھی پرانی خوبیاں کھو گئی ہیں۔ اس کے لیے تو ہم سبھی قصوروار ہیں"۔ عامر نے کہا۔

"قیامت سے قیامت تک" ریلیز ہونے کے بعد تو منصور نظر ہی نہیں آتے ویسے سنا ہے کہ اب وہ سینما کے بجائے اپنی کمپیوٹر کی دنیا میں واپس چلے گئے ہیں۔ کیا یہ صحیح ہے؟"

"نہیں ایسی بات نہیں ہے کہ منصور نے فلموں کو خیرباد کہہ دیا۔ انھیں اچھی کہانی مل جائے تو ضرور فلم بنائیں گے۔ ویسے آپ کی اطلاع کے لیے عرض کر دوں کہ منصور آج کل ایک فلم "جو جیتا ہے وہی سکندر" کے نام سے بنا رہے ہیں۔ اور یہ میری خوش قسمتی ہے کہ انھوں نے اس فلم کے لیے مجھے چُنا ہے۔ انھوں نے اس فلم میں مجھے بھائی ہونے کے ناطے نہیں بلکہ رول کے مطابق میں فٹ بیٹھتا ہوں اس لیے چنا ہے"۔ عامر نے جواب دیا۔

"آپ کا کام کیرئیر کے لیے بہت اہمیت رکھتا ہے۔ لیکن لوگ آپ کی اس بات پر حیران ہیں کہ جو فلمیں آپ کو نہیں لینی چاہیے تھیں وہ آپ نے اپنے لئے چن لیں۔ ایسا کیوں؟" میں نے پوچھا۔

"جی ہاں یہ سچ ہے۔ میں نے کچھ ایسی فلموں کے لیے حامی بھر لی ہے جن کو لے کر میں خود بھی پچھتا رہا ہوں۔ لیکن اب میں اس معاملہ میں بہت احتیاط سے کام لے رہا ہوں۔ پچھلے کئی مہینوں کے بعد میں نے صرف ایک فلم سائن کی ہے جو دلیپ شنکر کی "آتنک ہی آتنک" ہے۔ اب میں نے سال میں صرف چار پانچ فلمیں ہی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یعنی ایک وقت میں صرف دو فلمیں۔" عامر کا جواب تھا۔

"اچھا ایک بات تو بتائیے ... ہیروئنیں یا تو آپ سے عمر میں بڑ[illegible] آپ سے زیادہ لمبی ہیں [illegible] آپ کس طرح کر[illegible]"

"جیسا کہ [illegible]

صرف چار پانچ فلموں میں کام کروں گا۔ اور جب میں اتنی کم فلموں میں کام کروں گا تو مجھے سوٹ کرنے والی ہیروئنوں کے پیچھے بار بار بھاگ دوڑ کرنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ اور پھر جوہی چاولہ، مادھوری دکشت فرح اور نیلم جیسی لڑکیاں ہیں ہی جو مجھے سوٹ کرتی ہیں"۔

"لیکن سری دیوی جیسی ٹاپ اداکارہ کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے"

"مجھے نہیں لگتا کہ سری دیوی مجھ سے زیادہ لمبی ہیں بلکہ وہ مجھ سے ایک دو انچ چھوٹی ہی ہوں گی۔ لیکن پھر بھی وہ لمبی ہیروئنوں میں گنی جاتی ہیں"۔ کچھ سوچتے ہوئے بولے "اس کا مطلب یہ ہوا کہ میں کسی بھی ہیروئن کے ساتھ کام کر سکتا ہوں علاوہ سونو والیہ کے کیونکہ وہ مجھ سے لمبی ہیں"۔

"دیو آنند کی فلم "اول نمبر" آپ نے پیسوں کے لیے سائن کی ہے یا کوئی اور وجہ ہے؟"

"یہی ایک ایسی فلم ہے جس کو میں نے اپنا رول سنے بغیر ہی سائن کیا ہے۔ کیونکہ دیو صاحب کا میں بچپن ہی سے پرستار رہا ہوں۔ میری نظر میں پیسہ ہی سب کچھ نہیں"۔ عامر نے جواب دیا۔

"جہاں تک فلموں کے سلیکشن کی بات ہے سنا ہے کہ اس کے لیے آپ کے ڈیڈی آپ کو مشورہ دیتے ہیں تبھی آپ سائن کرتے ہیں۔ کیا یہ سچ ہے؟"

"جی نہیں ڈیڈی کا اپنا بزنس ہے۔ انھیں اپنے بزنس سے ہی فرصت نہیں کہ وہ مجھے صلاح و مشورہ دے سکیں۔ اور اگر وہ ایسا کرنے لگیں تو یہ میری خوش قسمتی ہوگی ..."

"تو پھر آپ کے لیے فلموں کا سلیکشن کون کرتا ہے"۔ میں نے پوچھا۔

"میں خود کرتا ہوں"۔ عامر نے پراعتماد [illegible] کہا۔ "میں اس معاملے میں کسی پر بوجھ [illegible]۔ میرے پاس جس فلم کی آفر آتی ہے [illegible] خود سنتا ہوں۔ اور جب سب [illegible] مطمئن ہو جاتا ہوں تبھی سائن کرتا ہوں۔ ہاں ضرورت پڑنے پر اپنے والد (طاہر حسین) اور چچا جان (ناصر حسین) سے صلاح مشورہ کر لیتا ہوں"۔

"عامر میاں، بُرا نہ مانو تو ایک بات پوچھوں، سننے میں آیا ہے کہ آپ فلمسازوں سے انل کپور کے برابر پیسہ مانگتے ہیں بلکہ اس سے زیادہ لینے کی امید رکھتے ہیں۔ کچھ وضاحت کیجئے"۔

میری اس بات کو سن کر عامر اچھل پڑے اور حیران ہو کر بولے "یہ کیا کہہ رہے ہیں آپ میں اپنے فلمسازوں سے صرف اپنی بات کہہ سکتا ہوں۔ دوسروں کے برابر پیسہ چاہیے یہ بات کہنے کا مجھے کوئی حق نہیں۔ انل کپور کیا لیتے ہیں، ان کا کیا ریٹ ہے مجھے تو یہ بھی نہیں معلوم، تو پھر ان کے برابر پیسہ کیسے مانگ سکتا ہوں"۔

"خیر چھوڑئیے اس بات کو ذرا یہ تو بتائیے کہ لڑکیوں سے بات کرنے میں آپ اب بھی شرماتے ہیں یا نہیں؟"

"جی ہاں، پہلے میں لڑکیوں کے ساتھ زیادہ نہیں رہ پاتا تھا۔ لیکن اب تو الٹا ہی ہو گیا ہے۔ اب میں خود لڑکیوں سے دوستی کرنے لگا ہوں"۔ عامر نے ہنستے ہوئے جواب دیا۔

"آنے والی فلموں میں سب سے زیادہ آپ کس سے امید رکھتے ہیں"۔

"امید تو سبھی سے اچھی ہے۔ فی الحال "اول نمبر" اور "لو لو لو" سے میری بہت سی امیدیں وابستہ ہیں۔ لیکن ان سے بھی بڑھ کر مجھے آپ پریس والوں سے بہت سی امیدیں ہیں۔ اگر آپ لوگوں کا مجھے تعاون ملتا رہا تو امید کبھی بھی میرا ساتھ نہیں چھوڑے گی۔ میں پریس کے اس تعاون کا بہت شکرگزار ہوں"۔ عامر نے پریس کے تعاون کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اپنی بات پوری کی۔

اب میں جسم کی نمائش نہیں کروں گی

جوہی چاولہ

جوہی چاولہ آج واقعی رانی ہی نہیں بلکہ فلم انڈسٹری کی مہارانی ہے۔ اب آپ دیکھئے اس کی قسمت نے کس طرح رُخ بدلا۔ جب اسے "سلطنت" ملی تو راس نہیں آئی۔ اور وہ اپنے کیریئر کی وجہ سے پریشان رہی۔ لیکن جب "قیامت سے قیامت تک" ملی تو اسے وہ شہرت ملی جو اس کے خواب و خیال میں بھی نہ تھی۔ جس کی وجہ سے اس کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ جن لوگوں نے فلم "سلطنت" کی ناکامی کے بعد اس پر تنقید کی تھی آج انہی لوگوں نے فلم "قیامت سے قیامت تک" کی زبردست کامیابی کے بعد اسے فلم انڈسٹری کی ملکہ بنا دیا۔ جس طرح امیتابھ بچن نے ایکٹنگ کے ایک نئے دور کی شروعات کی تھی اسی طرح آج لوگ عامر خان اور جوہی چاولہ کو ایک نئے رومانٹک دور کی ایک کڑی مان رہے ہیں۔ آخر ایسی کون سی خوبی جوہی چاولہ میں ہے جس کی وجہ سے یہ لوگوں کے دل و دماغ

پر چھائی ہے لیکن جب یہ فلم فلاپ ہوئی تو آپ کی ذہنی کیفیت کیا تھی۔ اور اس کے فلاپ ہونے کی وجہ کیا تھی؟

"یہ تو حقیقت ہے کہ واقعی میں بہت خوش تھی اور کام بھی میں نے بہت محنت سے کیا تھا لیکن اس میں قسمت نے میرا ساتھ نہیں دیا۔ جہاں تک اس کی ناکامی کا سوال ہے تو اس کی بہت سی وجوہات ہیں۔ پہلی تو کرن کپور کا غیر ملکی چہرہ تھا۔ جو کہ میں نے لوگوں سے ہی سنا ہے کہ یہ فلم بینوں کو پسند نہیں آیا۔ دوسرے فلم کی پبلسٹی بھی ٹھیک طرح سے نہیں کی گئی تھی اور بہت سی اسی طرح کی وجوہات ہیں۔ جہاں تک ذہنی کیفیت کا تعلق ہے تو کسی بھی آدمی کو جو اس کی فلم ہے اگر فلاپ ہو جائے تو دکھ ہوتا ہی ہے۔ دکھ مجھے تو کچھ زیادہ ہی ہوا کیونکہ یہ میری پہلی فلم تھی۔" جوہی کا جواب تھا۔

"کیا فلموں میں آنے کا شوق آپ کو پہلے سے ہی تھا؟" میں نے پوچھا۔

پاکستان ریلویز

ہیڈ کوارٹرز آفس لاہور

چیف کنٹرولر آف پرچیز' پی آر لاہور کو درج ذیل مشتہرہ اور ترمیم شدہ مشتہرہ ٹینڈروں کے ضمن میں کوٹیشنیں مطلوب ہیں۔

1۔ اے/ٹی نمبر 88-0/3-01/0069/00 — ایف او آر/ سی اینڈ ایف بنیاد
گیج سیم انڈیکیٹر = 1 آئٹم — قیمت ٹینڈر/50 روپے
تواریخ فروخت 9.7.90 تا 15.8.90 مقررہ تاریخ 16.8.90 — تصریحات/5، ڈرائنگ/10

2۔ اے/ٹی نمبر 87-0/3-01/0028/00 — ایف او آر/ سی اینڈ ایف بنیاد
گرائنڈنگ وہیل = 1 آئٹم — قیمت ٹینڈر/50
تواریخ فروخت 9.7.90 تا 15.8.90 مقررہ تاریخ 16.8.90 — ڈرائنگ/10

3۔ ایم اے/ٹی نمبر 88-0/1-12/0007/03 — ایف او آر/ سی اینڈ ایف بنیاد
یونی ڈائر یکشنل گلاس = 1 آئٹم — قیمت ٹینڈر/25 روپے
تواریخ فروخت 9.7.90 تا 15.8.90 مقررہ تاریخ 16.8.90

1۔ مشتہرہ/ترمیم شدہ ٹینڈر فارمز دفتر چیف کنٹرولر آف پرچیز' پی آر ہیڈ کوارٹرز آفس شاہراہ عبدالحمید بن بادیس لاہور' ڈپٹی چیف کنٹرولر آف سٹورز' پی آر ریتی لائن کراچی چھاؤنی اور دفتر اسسٹنٹ کنٹرولر آف سٹورز (ڈیزل) پی ریلویز راولپنڈی سے جملہ ایام کار کو ہر ایک کے بالمقابل درج نقد ادائی پر حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ صرف ٹینڈر فارم پر آنے والی پیشکشوں پر غور کیا جائے گا۔

(چودھری فیروز الدین)

چیف کنٹرولر آف پرچیز

(پی آئی ڈی (ایل) 63

"جی نہیں۔ فلموں میں کام کرنے کا شوق مجھے کبھی نہیں تھا۔ لیکن فلم میں کام کرنے کے لیے جب ایک بڑے فلمساز نے پیش کش کی تو میں انکار نہ کر سکی۔ ہاں اس سے پہلے میں پبلسٹی فلموں میں کام کرتی رہی ہوں۔" جوہی چاولہ نے جواب دیا۔

"اکثر کہا جاتا ہے کہ فلموں میں کام کرنے کے لیے لڑکیوں کو بہت بھاگ دوڑ کرنا پڑتی ہے بعض اوقات تو کام کرنے کی غرض سے الٹے سیدھے سمجھوتے بھی کرنے پڑ جاتے ہیں۔ تو کیا آپ نے بھی فلموں میں کام کرنے کے لیے کسی سے کوئی سمجھوتہ کیا تھا۔" میں نے سوال کیا۔

"جی ... مجھے تو کبھی کسی سے کوئی سمجھوتہ نہیں کرنا پڑا۔ مجھے فخر ہے کہ پروڈیوسر نے خود میرے پاس آکر مجھے سائن کیا تھا۔ دراصل انھیں فلم کے لیے ایک نئی لڑکی چاہیے تھی۔ جب انھیں میرے بارے میں معلوم ہوا کہ میں "مس انڈیا" رہ چکی ہوں تو میرا اسکرین ٹیسٹ لے کر مجھے وہ رول دے دیا گیا۔"

"آپ کی آنے والی زیادہ تر فلموں میں عامر خان ہیرو ہے تو کہیں آپ کا اس کے ساتھ جوڑی بنانے کا ارادہ تو نہیں ہے۔ یا کوئی اور چکر ہے؟" میں نے چبھتا ہوا سوال کیا۔

"آپ اخبار والے بھی ہر بات میں چکر ڈھونڈنے کی کوشش کرتے ہیں۔ دراصل "قیامت سے قیامت تک" کی کامیابی کو دیکھ کر کچھ فلمسازوں نے ہمیں ایک ساتھ سائن کر لیا ہے۔ شاید اس امید پر کہ ہماری جوڑی آگے بھی ہٹ ہو۔ بس یہی ہمارا چکر ہے۔ اب آپ اخبار والے جو چاہے چکر سمجھ لیں۔" جوہی نے جھنجلاتے ہوئے کہا۔

"سنا ہے فلموں میں کام کرنے کی وجہ سے آپ کا اپنی ماں سے جھگڑا ہو گیا ہے اور آپ کو انھوں نے گھر سے نکال دیا ہے۔"

"آپ سے کس نے کہا کہ میرے اور میری ماں کے درمیان جھگڑا ہوا ہے۔" جوہی نے گول مول سا جواب دیا۔

"کیا یہ سچ نہیں کہ آپ اپنی ماں کے ساتھ نہیں رہ رہی ہیں۔" میرا سوال تھا۔

"یہ صحیح ہے کہ میں اپنی ماں کے ساتھ نہیں رہ رہی۔ بلکہ آج کل اپنے کزن کے ساتھ جوہو میں رہ رہی ہوں۔ جس کی وجہ شوٹنگ پر وقت پہ پہنچنے کی ہے۔ کیونکہ کولابہ بہت دور پڑتا ہے۔"

"کیا یہ بھی سچ نہیں کہ آپ کی ماں کو آپ کا فلموں میں کام کرنا پسند نہیں۔ کیونکہ آپ ایک معزز گھرانے سے تعلق رکھتی ہیں جہاں لڑکیوں کا فلموں میں کام کرنا معیوب سمجھا جاتا ہے۔ اس بارے میں آپ کیا کہیں گی۔" میں نے معلوم کیا۔

"یہ سب غلط ہے آپ صرف سنی سنائی باتیں کہہ رہے ہیں۔" میرے سوال کے جواب میں جوہی نے صرف اتنا ہی کہا۔

"تو کیا آپ کی کسی سے دشمنی ہے جو اس طرح کی باتیں آپ کے خلاف کر رہا ہے؟"

"میری کسی سے کوئی دشمنی نہیں۔ پلیز کوئی اور بات کیجیے۔"

"ٹھیک ہے۔ اچھا اب آپ یہ بتائیے فلم انڈسٹری میں آج کل ماحول ایسا بن گیا ہے کہ ہر نئی ہیروئن اپنے آپ کو آگے بڑھانے کے لیے عریانیت کا سہارا لے رہی ہے۔ یہ کہاں تک سچ ہے۔"

"میں تو پہلے ہی اعلان کر چکی ہوں فلموں میں قطعی ایسے رول نہیں کروں گی۔ عریانیت کا سہارا وہی لڑکیاں لیتی ہیں جنھیں ایکٹنگ نہیں آتی۔ تو اس کا مطلب یہ تو نہیں کہ شہرت کے لیے کپڑے اتارنا شروع کر دوں۔" جو[...] جواب تھا۔

"معاف کیجیے کپڑے تو آ[...] ہیں۔ اخباروں اور میگزین[...] فوٹو چھپ رہے ہیں[...] کیوں کیجیے اجتنا[...]

"میرا مطلب یہ ہے کہ میں فلموں میں اپنے جسم کی نمائش کرنے کے لیے تیار نہیں ہوں۔ کوئی بھی ایسا ویسا سین نہیں دوں گی۔ صرف صاف ستھرے رول ہی کروں گی۔" جوہی نے کہا۔

"جیسا کہ آپ نے ابھی صاف ستھرے رول کے بارے میں کہا تو اب ایسی صاف ستھری فلمیں بنتی کتنی ہیں۔ ہر فلمساز اپنی فلم ہٹ کرنے کے لیے اس میں زیادہ سے زیادہ گلیمر رکھتا ہے۔ ڈسٹری بیوٹر بھی یہی چاہتے ہیں تو ایسے ماحول میں آپ کتنے دن رہ سکیں گی۔" میں نے سوال کیا۔

"گلیمر سے بھرپور فلمیں آج کل چل کہاں رہی ہیں۔ آج لوگ پھر سے صاف ستھری فلم دیکھنا چاہتے ہیں۔ جن کی کہانی اچھی ہو۔ لڑکیوں کے جسم کی نمائش نہیں۔"

"ایک طرف تو آپ صاف ستھرے رول کرنے کا دعوی کر رہی ہیں دوسری طرف آپ کے نیم عریاں فوٹو اخباروں اور رسالوں میں چھپ چکے ہیں۔ اور پھر "قیامت سے قیامت تک" میں تو آپ نے بوس و کنار کے سین بھی دیے ہیں۔ تو اس طرح کے غلط بیانات دے کر کب تک اپنے آپ کو چھپائے رکھ سکیں گی؟" میرا سوال تھا۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ "قیامت سے قیامت تک" میں جو پیار بھرا سین ہے اسے گندہ نہیں کہا جا سکتا۔ رہی بات اخباروں اور رسالوں میں میرے فوٹو چھپنے کی تو اس بات کو اچھالنے کی کیوں کوشش کر رہے ہیں۔ اور پھر گردن سے نیچے کا تھوڑا بہت حصہ دکھائی بھی دے جائے تو اسے عریانیت نہیں کہا جا سکتا۔"

میں نے اس کے موڈ کو دیکھتے ہوئے اپنی بات کا رخ بدلا اور سوال کیا "اچھا آپ بتائیے کہ فلموں میں کس طرح کے رول کرنا [...]تی ہیں اور فلم انڈسٹری میں اپنی پہچان کس [...]نانا چاہتی ہیں۔"

"[...] تو میں ہر طرح کے رول کرنا چاہتی [...]ں ننگا پن نہ ہو۔ جیسا رول [...]ے میں کیا تھا۔ مینا کماری [...]یا مدھو[...]ری جس طرح کے رول کرتی تھیں۔ میں ایسے ہی رول کرنا چاہتی ہوں۔" جوہی کا جواب تھا۔

"آپ کا محبوب ہیرو کون ہے؟" میں نے پوچھا۔

"کمل ہاسن۔"

"آپ کی عمر کو دیکھ کر اکثر لوگوں کا دل مچل اٹھتا ہے۔ تو کیا کبھی آپ کا دل بھی کسی پر مچلا ہے؟" میں نے پوچھا۔

"ارے نہیں بھئی ابھی تک تو ایسا نہیں ہوا۔ ہاں کالج کے زمانے میں اکثر میں اپنے بوائے فرینڈز کے ساتھ موج مستی کرنے پکنک وغیرہ پر چلی جاتی تھی۔ لیکن ہاں پیار والی بات ہمارے درمیان کبھی نہیں ہوئی۔" زوردار قہقہہ لگاتے ہوئے جوہی نے جواب دیا۔

"اگر میں آپ سے کہوں کہ پیار آپ کی نظر میں کیا شے ہے تو آپ کیا جواب دیں گی؟"

"ارے جناب جب کسی سے پیار ہی نہیں ہوا تو میں کیا بتاؤں۔ میری نظر میں تو وہی پیار ہے جو ہیرو ہیروئن فلموں میں کرتے ہیں۔"

گلیمر سے بھرپور فلمیں کہاں چل رہی ہیں

"شادی کے بارے میں آپ نے کیا سوچا ہے!" میرا سوال تھا۔

"فی الحال تو کوئی ارادہ نہیں۔ ہاں ممکن ہے فلموں میں کام کرتے ہوئے کسی لڑکے سے آنکھ لڑ گئی یا کوئی اچھا لڑکا مل گیا تو ضرور شادی کر لوں گی۔" جوہی نے جواب دیا۔

"اچھا بھلا لڑکے سے آپ کا مطلب؟"

"مطلب یہ کہ سیدھا سادا، جو عورتوں کی قدر کرتا ہو۔ اور سمجھدار بھی ہو۔"

"اگر لڑکا آپ کی مرضی کے مطابق مل گیا تو کیا آپ شادی کے بعد بھی فلموں میں کام کرنا پسند کریں گی۔" میرا آخری سوال تھا۔

"دراصل مجھے فلموں میں زیادہ کام نہیں کرنا۔ اس لیے شادی کے فوراً بعد میں فلموں میں کام کرنا چھوڑ دوں گی۔ یہی میرا فیصلہ ہے۔"

کافی طویل نوک جھونک کے بعد میں نے جوہی چاولہ سے اجازت چاہی۔ کیونکہ جوہی کو اگلے شاٹ کی تیاری کرنا تھی۔

میوزیکل پروگرام



جی ایم قادری

جب سے ملک میں سیاسی جمود ٹوٹا ہے اور آمریت کے بادل چھٹے ہیں۔ ملک میں ثقافتی مجالس کا انعقاد شروع ہوگیا ہے۔ گزشتہ ماہ نوجوانوں کی ایک تنظیم ینگ فیلکنز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے زیراہتمام ایک میوزیکل پروگرام ترتیب دیا گیا جس کی آمدن نادار اور معذور طلبہ کے لئے وقف کی گئی۔ اس پروگرام میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے کی جہاں خصوصی سابق ایم این اے میل محمد آصف تھے۔ نئے فن کاروں کے علاوہ ٹی وی اور اسٹیج کے جن معروف اداکاروں نے اس پروگرام میں شرکت کی ان میں مدیحہ شاہ، سونیا، عباس راہی اور چکیلا کے نام شامل ہیں۔

نوجوانوں کی اس پُروقار تقریب میں معروف لیڈر صدیق القادری نے خصوصی دعوت پر شرکت کی تنظیم کے صدر انیس علی ہاشمی نے سپاسنامہ پیش کیا اور تنظیم کی گزشتہ کارکردگی کا ایک سرسری جائزہ لیا اور کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے اس پروگرام اُن کی حوصلہ افزائی کی۔ انہوں نے انعقاد کا مقصد بیان کرتے ہوئے کہا ... معذور اور نادار ہیں ... ایکوں

طلبہ کا نام سنتے ہی ذہن میں ہلڑ بازی اور دنگا فساد کا خیال آتا ہے

کی مدد کرنا مقصود ہے اور اس کے لئے تنظیم کے زیرانتظام ایک بورڈ تشکیل دیا جائے گا اور ایک بک بینک قائم کیا جائے گا جو کہ مستحق اور معذور طلبا و طالبات کو نصابی کتب مفت فراہم کرے گا اور وہ طلباء جو محنتی اور ذہین ہیں مگر وسائل کی کمیابی کی بناء پر زیورِ تعلیم سے آراستہ نہیں ہو پا رہے ہیں اُن کی ہر طرح سے مالی امداد کی جائے گی تاکہ وہ بغیر کسی مشکل

آؤ سب مل کر ترقی کریں
ترقی میں تعاون سے خوشحالی
دی مُسلم کوآپریٹو ڈویلپمنٹ کارپوریشن لمیٹڈ (رجسٹرڈ)

کے منصوبوں میں شرکت کرکے زیادہ سے زیادہ منافع حاصل کریں

منافع پر انکم ٹیکس معاف
ٹکس انویسٹمنٹ پر سب سے زیادہ منافع

دی مُسلم کوآپریٹو ڈویلپمنٹ کارپوریشن لمیٹڈ : فون ۸۵۴۷۱۰ - ۸۵۵۸۶۲

اور دشواری کے سلسلہ تعلیم جاری رکھ سکیں اور ملک کے باعزت اور باشعور شہری کہلائیں اور ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

انہوں نے کہا کہ سوسائٹی کے پاس وسائل کی کمی ہے اور اس بک بینک کے لئے عمارت کی ضرورت ہے اس لئے اس پروگرام میں موجود مخیر اور صاحب حیثیت افراد سے گزارش ہے کہ وہ اس کارِ خیر میں ہمارے دست و بازو بنیں اور تنظیم کی مقصدیت کے پیشِ نظر دل کھول کر اس میں حصہ لیں۔

صدر کی تقریر کے بعد پروگرام کا باقاعدہ آغاز ہوا سٹیج سیکرٹری کے فرائض بازغہ چشتی نے سرانجام دیئے میوزیکل گروپ میوزک لورز نے قومی گیت گائے۔ اس کے بعد پروگرام میں موجود ٹی وی اور سٹیج کے فن کاروں کو سٹیج پر بلایا گیا۔ عباس راہی اور چمکیلا نے مختلف خاکے سنا کر محفل کو کشت زعفران بنا دیا۔ مدیحہ شاہ اور سونیا نے سٹیج پر آ کر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اداکارہ سونیا نے اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سٹوڈنٹس کا نام سنتے ہی ذہن میں ہلڑبازی اور دنگا فساد کا خیال آتا ہے مگر مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہو رہی ہے کہ نوجوان طلباء اپنے بھائیوں کے لئے جذبہ ہمدردی رکھتے ہیں اور ان کی مدد کے لئے کوششوں میں مصروف ہیں۔ اداکارہ مدیحہ شاہ نے سوسائٹی کے نادار طلبہ کے لئے ۲۰۰۱/- روپے پیش کئے۔ اس موقع پر علاقے کے بہت سے معززین نے سٹیج پر آ کر سوسائٹی کے ساتھ تعاون کا اعلان کیا۔ علاقے کی مشہور سماجی شخصیت فیاض بٹ نے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا اور بک بینک کے انتظام و انصرام کے لئے اپنی خدمات پیش کیں۔

پروگرام تقریباً تین گھنٹے جاری رہا اور حاضرین نے کمال دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔ پروگرام کے اختتام پر سوسائٹی کے عہدے داران اور ارکان کا محترم صدیق القادری سے تعارف کروایا گیا۔ قادری صاحب نے پروگرام اور اس سلسلے میں کی جانے والی کوششوں کو سراہا اور خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ سوسائٹی آئندہ بھی نوجوانوں کے لئے تفریحی پروگراموں کا انعقاد کرتی رہے گی۔ جناب صدیق القادری نے کہا کہ حکومت کو چاہیئے کہ ایسے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کرے جو اس نفسانفسی کے دور میں بھی جذبہ انسانی رکھتے ہوئے سماجی اور فلاحی کاموں میں بھرپور حصہ لیتے رہیں۔ انہوں نے سوسائٹی کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

ہم آٹو موبائیل کے شعبے میں انقلاب لا سکتے ہیں'

چیئرمین دنمارک انٹرنیشنل خلیل الرحمان

پروفیشنٹ گاڑی تیار کرنے والے پہلے پاکستانی معروف ادارے دنمارک انٹرنیشنل لیمٹڈ کے چیئرمین مسٹر خلیل الرحمان نے ایک پرہجوم پریس کانفرنس میں حکومت پاکستان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ ایسی صنعتوں کی مصنوعات کی بھرپور حوصلہ افزائی و سرپرستی کرے جو تمام تر ملکی وسائل پر انحصار کرتی ہوں انہیں ملکی قوانین کے تحت ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا جائے تاکہ ملکی صنعت کو فروغ ملے ملکی مصنوعات کی پروڈکشن میں اضافہ ہو تاکہ لوگوں کو روزگار کے بہتر مواقع حاصل ہو سکیں۔

پریس کانفرنس میں مسٹر خلیل الرحمان نے بتایا پروفیشنٹ گاڑی مکمل طور پر پاکستانی خام مال سے تیار کی جا رہی ہے۔ انہوں نے اپنے ذاتی سرمایہ سے پروفیشنٹ کے نام سے سوزوکی اور کاریں تیار کرنے کے لئے کمپنی تشکیل دی ہے جس کے لئے کوئی قرضہ نہیں حاصل کیا گیا کیونکہ وہ ذاتی طور پر سود کے خلاف ہیں۔ انہوں نے بتایا ہمارے ادارے نے پروفیشنٹ کے نام سے سوزوکی تیار کر کے ان سوزوکیوں کو مارکیٹ میں فروخت کرنے کا کام شروع کر دیا ہے ان سوزوکیوں میں پاکستان کے بنے ہوئے تمام تر پرزہ جات استعمال ہوتے ہیں مسٹر خلیل الرحمان نے دعویٰ کیا پروفیشنٹ سوزوکی درآمد شدہ سوزوکیوں کے مقابلے میں زیادہ پائیدار، مضبوط اور ارزاں ہے۔ اگر حکومت پاکستان ہمیں مکمل تحفظ اور سہولتیں فراہم کرے تو ہم پاکستانی عوام کیلئے حیرت انگیز حد تک سستی پائیدار گاڑی تیار کر سکتے ہیں انہوں نے بتایا اس وقت جاپانی سوزوکی کی قیمت مارکیٹ میں ایک لاکھ ۲۵ ہزار کے لگ بھگ ہے۔ جبکہ ہمارا ادارہ تمام تر مراعات سے محروم ہونے کے باوجود سوزوکی کیری ۸۵ ہزار روپے میں مارکیٹ میں سپلائی کر رہا ہے۔ جبکہ اس وقت پروفیشنٹ سوزوکی کی پک اپ اور کار میں بھی تیاری کے مراحل میں ہے۔ پروفیشنٹ گاڑیوں کی مانگ کو پورا کرنے کے سوال کے جواب میں بتایا کیونکہ یہ گاڑی مکمل طور پر پاکستانی پرزوں سے تیار کی جاتی ہے اس لئے ہمارے ادارے کیلئے اس کی مانگ کو پورا کرنا نہایت آسان ہے۔

مسٹر خلیل الرحمان چیئرمین دنمارک انٹرنیشنل لیمٹڈ نے حکومت پاکستان کی توجہ اپنے ادارے کی جانب کراتے ہوئے مطالبہ کیا کہ ہماری کمپنی کو خصوصی مراعات دی جائیں ارباب و اقتدار ہمارے ادارے کو مسلسل نظر انداز کرنے کی بجائے ہمارے قومی خدمت کے جذبہ کی قدر کریں دیگر صنعتوں کی طرح ہمیں بھی ٹیکس میں خصوصی چھوٹ دی جائیں زرمبادلہ کو بچانے کیلئے ملکی مصنوعات کی مکمل حوصلہ افزائی کی جائے اس ضمن میں حکومت فوری طور پر پاکستان میں غیر ملکی کارخانے لگانے کا اجازت نامہ منسوخ کرے۔

چیئرمین دنمارک انٹرنیشنل نے بتایا کہ ان کے ادارے نے ایک کار تیار کی ہے۔ جو مکمل طور پر پاکستانی پرزوں سے تیار کی گئی ہے اس کی قیمت [illegible] لاکھ ۹۰ ہزار روپے ہے اسلام آباد کی حال [illegible] نمائش میں اس کی نمائش کی گئی [illegible] الرحمان نے مزید اعلان کیا [illegible] کے ساتھ تعاون کرے تو وہ پاکستان [illegible] سستی آٹو موبائل تیار [illegible]

مخدوم سید فیصل صالح حیات وفاقی وزیر تجارت یوگوسلاویہ کے سفیر کے ساتھ ملاقات کر رہے ہیں



وفاقی وزیر ثقافت و کھیل آغا طارق خان یوگوسلاویہ فلم فیسٹیول کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ڈپٹی سپیکر نیشنل اسمبلی ڈاکٹر مسز اشرف عباسی اور
این ڈی خان ڈپٹی جنرل سیکرٹری پی پی پی راولپنڈی میں ایک تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

تصویری جھلکیاں

صدر پاکستان غلام اسحاق خان سید حسن راضی کو فوٹوگرافی میں اعلیٰ کارکردگی پر صدارتی اعزاز حسن کارکردگی دے رہے ہیں۔

کھیلوں کے وفاقی وزیر مملکت قادر بخشی ایک تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

حاکم علی زرداری چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اسلام آباد میں ایک تقریب سے خطاب کر [illegible] اجمال [illegible]

وفاقی وزیر مواصلات مخدوم امین فہیم عراقی وزیر مواصلات کے ساتھ مشترکہ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

احسان الحق پراچہ وفاقی وزیر مملکت برائے خزانہ و منصوبہ بندی ہنگری کے چیمبرز آف کامرس کے چیئرمین سے ملاقات کر رہے ہیں

[illegible] جمہوریہ چین کے سفیر وفاقی وزیر افتخار گیلانی سے ملاقات کر رہے ہیں

بیلجیم کی سیکرٹری برائے بیرونی تجارت میڈیم میرن کو اسلام آباد چیمبر آف کامرس کے صدر خالد محمود شیلڈ پیش کر رہے ہیں

[illegible] یوتھ انٹرنیشنل صدیق القادری عوامی جمہوریہ چین کے کونصلر سے ایک تقریب میں

میں ۲۵ سال کی ہوتے ہی
شادی کر لوں گی

اداکارہ نیلم کی باتیں

جی ایم قادری

یہ فلم انڈسٹری بھی کیا جگہ ہے۔ یہاں جو بھی آتا ہے وہ خبروں اور افواہوں سے بچ نہیں پاتا۔ بہت محتاط رہتے ہوئے بھی اس کے بارے میں طرح طرح کی افواہیں طرح طرح کی خبریں پھیلائی جاتی ہیں۔ یہ فلم انڈسٹری والے کسی کو نہیں بخشتے۔ لیکن مجھے حیرت ہے کہ ایسی انڈسٹری میں نیلم بھی تو ہے۔ آخر نیلم پر ہی کیوں یہ انڈسٹری والے مہربان ہیں۔ نیلم ہی واحد ایسی ہیروئن ہے جس کو انھوں نے بخش رکھا ہے۔ کبھی اس کی بیڈ پبلسٹی ہوتی۔ نہ ہی کبھی کسی کے منہ سے اس کی برائی سنی کہ نیلم اچھی ہے یا بری ہے یا بدنام ہے۔ دوسرے نیلم کا نام سنتے ہی لوگوں کے منہ کھل اٹھتے ہیں آخر ایسا کیوں؟ ان سب باتوں کے جواب تو نیلم سے ہی مل سکتے تھے۔ میں نے نیلم سے ملاقات کرنے کے لیے فون پر رابطہ قائم کیا۔ اس وقت نیلم گھر پر ہی موجود تھی۔

فون پر بات کرتے وقت میں نے اپنا مدعا بیان کیا کہ میں آپ سے مل کر تفصیلی گفتگو کرنا چاہتا ہوں تاکہ اپنی اس ملاقات کے ذریعہ آپ کا تعارف اپنے قارئین سے کرا سکوں۔ نیلم نے کہا آج دوپہر تک فری ہوں آپ ابھی آجائیے۔ میں گھر پر ہی آپ کا انتظار کر رہی ہوں۔ میں تیار ہو کر نیلم سے ملاقات کے لیے پہنچ گیا۔ نیلم میرا انتظار کر رہی تھی۔

مجھے دیکھ کر نیلم نے کہا "بیٹھئے... ہاں اب بولئے کیا بات کرنا چاہتے ہیں؟"

بات چیت کا سلسلہ شروع کرتے ہوئے میں نے پہلا سوال کیا۔

"نیلم جی یہ تو آپ کو معلوم ہی ہے کہ آج فلم انڈسٹری کس ماحول سے گزر رہی ہے۔ یہاں جو بھی قدم رکھتا ہے۔ نہ جانے کیا کیا اس پر الزام تراشیاں ہوتی ہیں، افواہیں پھیلائی جاتی ہیں۔ تو میں جاننا چاہتا ہوں کہ ایسے ماحول میں اس فلم انڈسٹری کی آپ پر ہی نظر کرم کیوں ہے۔ آپ ہی واحد ایسی شخصیت ہیں جس کے بارے میں ابھی تک کسی کیچڑ نہیں اچھالی۔ اس کی وجہ کیا ہو سکتی ہے؟"

"فلموں میں آنے سے پہلے انڈسٹری کے بارے میں میں نے بھی بہت کچھ سن رکھا تھا۔ میں نے سنا تھا کہ لڑکیوں کو فلموں میں کام کرنے کے لیے کئی طرح کے سمجھوتے کرنے پڑتے ہیں۔ الٹے سیدھے دور سے گزرنا پڑتا ہے۔ فلموں میں کام کرنے والی لڑکیوں کی عزت نہیں کی جاتی وغیرہ کافی کچھ سنا تھا۔ لیکن یہ سب کچھ سننے کے باوجود میرے ساتھ ایسا کچھ بھی نہیں ہوا۔ نہ کسی نے بدتمیزی کی۔ یہاں تک کہ کسی نے مذاق کرنے تک کی ہمت نہیں کی۔" نیلم نے مزید بتاتے ہوئے کہا "ایسا اس لیے بھی ہوا کہ میں دوسری لڑکیوں کی طرح فلمیں حاصل کرنے کے لیے ماری ماری نہیں پھری۔ یہ ایک وجہ ہو سکتی ہے۔ لیکن فلم انڈسٹری میں اگر برے لوگ ہیں تو بہت اچھے لوگ بھی تو ہیں۔ جو لڑکی کو اپنی بہن، بیٹی کے برابر سمجھتے ہیں۔ ان سب چیزوں کے باوجود میں تو یہی کہوں گی کہ سب کچھ لڑکی کی مرضی پر منحصر ہے۔ بغیر لڑکی کی مرضی کے کوئی بھی اس کے ساتھ زبردستی نہیں کر سکتا۔" اپنے بارے میں بتاتے ہوئے نیلم نے کہا "جہاں تک میرا سوال ہے تو لوگوں نے مجھے اس لیے عزت دی کیونکہ میں نے عزت کو اچھالا نہیں بلکہ اپنے ہاتھ میں رکھا۔ لوگوں نے مجھے بیشک پیار کی نظر سے دیکھا لیکن ویسا پیار نہیں جس میں ایک حوس ... ہے۔ بلکہ وہ پیار جو صرف پیار ہوتا ... کا جواب تھا۔

"جب پیار کی با...

تو کیا کبھی آپ کو بھی کسی ...

کسی کے پیار کا جوا...



نے کچھ بتایئے؟"

"ہاں مجھے بہت سے لوگوں سے پیار ہوا ہے۔ لیکن میں نے کبھی ظاہر نہیں ہونے دیا۔ کیونکہ اس معاملے میں میں بہت ریزرو ہوں۔ ہمیں کئی بار پیار ہو سکتا ہے کیونکہ ہم انسان ہیں بہت نارمل ہیں۔ لیکن ہاں میں ایک وقت میں ایک ہی پیار کرنے میں یقین رکھتی ہوں۔" نیلم ہنس کر بولی۔

"ٹھیک ہے ایک وقت میں ایک ہی پیار کرنا چاہیے۔ لیکن فی الحال آپ اپنے پیار کے بارے میں تو بتایئے جس سے آپ کا عشق چل رہا ہے اس کے بارے میں تو سبھی جانتے ہیں کہ آپ کو دھرمیندر کے بیٹے اور سنی دیول کے چھوٹے بھائی 'بابی' سے پیار ہو گیا ہے۔ کیا یہ حقیقت ہے؟"

"جی نہیں، مجھے ایک لمبا چوڑا خوبصورت لڑکا نہیں بلکہ ایک سمجھدار لڑکے کی ضرورت ہے جس دن وہ مجھے مل گیا میں بے شک نڈر ہو کر اس کے ساتھ ڈنر کرنے جاؤں گی اور اپنا جیون ساتھی بنا لوں گی۔" نیلم نے اپنی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے کہا...

"کیونکہ میں سمجھتی ہوں کہ ہر لڑکی کو ۲۳ سال کی عمر میں شادی کر لینی چاہیے۔ شادی کے لیے یہی عمر صحیح رہتی ہے۔ میں بھی فلم انڈسٹری میں تین چار سال رہوں گی۔ اس سے زیادہ

Shashi Kapoor with Zeenat



متھن چکورتی

کمی نہیں۔ فلموں سے کمائی گئی دولت میرے گھر والوں کے کسی کام میں نہیں آتی۔ بس یوں سمجھ لیجئے کہ فلموں کا پیسہ میرے لیے میرے جیب خرچ کے برابر ہے۔" نیلم نے کہا۔

"کہتے ہیں جو چیز انسان کو آسانی سے مل جاتی ہے وہ اس کی قدر نہیں کرتا۔ شاید آپ کے ساتھ بھی یہی بات ہے؟"

"ہاں مجھے یہ سب کچھ اچانک ہی ملا۔ بغیر مانگے ملا۔ اس معاملے میں میں شاید بہت زیادہ لکی ہوں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ میں نے کبھی تصور بھی نہیں کیا تھا کہ اتنی شہرت اتنی کامیابی مجھے ملے گی۔"

"فلموں میں آنے اور دولت و شہرت ہے جو آپ کو پسند نہیں کرتی اور آپ اسے پسند نہیں کرتیں؟"

"ہاں۔ میں بُرائی تو نہیں کر رہی، لیکن آپ کو ایک بات بتا رہی ہوں کہ فرح کی ایسی پرابلم ہے۔ جس کی وجہ سے وہ چڑچڑی رہتی ہے۔ اور نہ جانے میرے بارے میں کیا کیا کہتی ہے۔ پتہ نہیں اس کو مجھ سے اتنا بیر کیوں ہے۔ ایک مرتبہ اس نے مجھ سے کافی بدتمیزی کی اور کہا "انگریز کی اولاد" لیکن میں تو خاموش رہتی ہوں۔ کیا یہی کسی عورت کا بات کرنے کا طریقہ ہے عورت کو تو اپنی زبان پر قابو رکھنا چاہیے ہاں کمی کا لکراز، معاملے میں مجھے بہت اچھی لگتی ہے۔ وہ اس طرح کی باتیں نہیں کرتی۔ سونم بھی اچھی ہے۔" نیلم نے کہا کہ "مجھے چالاکی سے سخت نفرت ہے۔ جس طرح لوگ کہتے ہیں منہ پر کچھ پیچھے کچھ۔ میں اس طرح کی حرکت نہیں کرتی۔" نیلم کا جواب تھا۔

کیونکہ نیلم کو فلم "خوبصورت دنیا" کی شوٹنگ کے لیے جانا تھا اس لیے میں نے ان سے اجازت چاہی اور اسی کے ساتھ ہماری بات چیت کا سلسلہ ختم

گووندا

مندا کنی کا ایک دلکش انداز

نہیں۔ اور ۲۵ سال کی عمر ہوتے ہی شادی کر لوں گی۔ میں شادی کر کے ایک بیوی اور ماں بن کر رہنا چاہتی ہوں۔ اور شاید ہر عورت کی سب سے بڑی تمنا اور خواہش یہی ہے۔" نیلم نے کہا۔

"جیسا کہ آپ نے ابھی کہا کہ آپ انڈسٹری کو تین چار سال بعد چھوڑ دیں گی تو کیا اتنی آسانی سے چھوڑنا ممکن ہو سکے گا۔ اور وہ بھی ایسے وقت میں جب شہرت اور دولت آپ کے قدم چوم رہی ہے۔" میں نے سوال کیا۔

"دراصل آگے فلموں میں کام کرنے کے لیے میری کوئی خاص دلچسپی نہیں۔ مجھے یہ کہنا تو نہیں چاہیے لیکن دولت کی کمی کوئی

فرانس کی تصویری جھلکیاں



NFC

Worth its grain

Modern times are a true measure of expertise. Only the best have a chance to survive. By giving the optimum. By getting the optimum.

At NFC, we believe in that. Over the years, we have displayed an unwavering commitment to the cause of agriculture in Pakistan. To enhance the crop yield. To improve its quality. To better the lot of the farmer.

We believe that a piece of land can yield more, yield better, through a judicious use of fertilizers.

To make that possible, NFC offers expertise in shape of agronomists and other professionals who provide free advice. Our experts help the farmer in a correct evaluation of his land requirements, and also guide him in making a right choice fr[illegible] amongst various kinds of fertilizers that NFC offers.

And to make it convenient for the farmer, N[illegible] has the largest dealer network operating all over Pakistan, almost exclusively in th[illegible] Northern Areas and Azad Kashmir.

NFC is trying to reach out to the farmer. Wherever [illegible] To work in unison with him. To give him the right advice. The right fertilizer. So that h[illegible] prosper. Pakistan could prosper.

NFC Honouring a [illegible]itment

Danad

بلوچستان کے معروف سیاسی و قبائلی رہنما
میر داؤد جان المعروف خان آف قلات
سے خصوصی انٹرویو

بلوچستان کی سیاست میں قلات کے بڑے خانوں کا بہت اہم رول ہے مختلف ادوار میں گورنری اور وزارتیں ان کے گھروں کے چکر لگاتی رہتی ہیں میر داؤد جان سابق گورنر بلوچستان میر احمد یار خاں آف قلات کے صاحبزادے ہیں پسماندہ صوبے سے تعلق ہونے کے باوجود اعلیٰ تعلیم سے مستفیض ہیں روشن خیال مدبر ہمہ صفت قبائلی سردار ہیں نمود و نمائش کی بجائے سادگی اور کفایت شعاری کی زندگی گزار رہے ہیں جب ایوب خان نے اپنے اور اقتدار میں ریاستیں ختم کر دی تھی ان کے والد کو بھی خان آف قلات کے عہدے سے ہٹا دیا گیا تھا نوجوانی کے عالم میں ہی میر داؤد جان نے اپنے والد کی بحالی کیلئے جدوجہد کی

وجہ سے والد کی جگہ میر داؤد جان خان آف قلات کے عہدے پر فائز ہوئے خان آف قلات بننے کا باوجود ایک وفادار فرماں بردار بیٹے کا ثبوت ہوئے دوبارہ اپنے والد میر احمد یار خاں کو خان آف قلات کے منصب پر بحال کرانے میں کامیاب ہوئے حالانکہ ایوب خاں چاہتے تھے میر داؤد جان خان آف قلات رہیں آپ کا یہ ایثار فرمان برداری ہماری نوجوان نسل کے لئے یقیناً مشعل راہ ہے میر احمد یار خان کی وفات کے بعد آپ دوبارہ خان آف قلات کے منصب پر [illegible] آج کل ہمہ وقت اپنے [illegible] عوام کی [illegible] میں مصروف رہتے ہیں خان صاحب کی بے شمار مصروفیات کے باوجود ان اہلیہ محترمہ جمیلہ داود صاحبہ [illegible] کیلئے ہماری مدد کی محترمہ جمیلہ داود صاحبہ کا [illegible] چلیں آپ انجمن خواتین پاک سمیت [illegible] خواتین تنظیموں کی روح رواں ہیں۔ [illegible] کی خواتین کے بہبودی کاموں میں [illegible] نظر آتی ہیں خواتین کیلئے بے [illegible]

احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ اس قابل ترین باہمت خاتون رہنما کی سرگرمیوں کے بارے میں آئندہ تفصیلی ذکر کریں گے۔

بات میر داؤد جان خان آف قلات کی کر رہے تھے ان کی متاثر کن شخصیت کا جادو ہے جو ایک دفعہ مل جائے انہی کا ہو جاتا ہے ہم بھی ان کی مہمان نوازی اور حسن اخلاق سے بے حد متاثر ہوئے انٹرویو کا سلسلہ شروع ہوا ہمارا پہلا سوال بلوچستان کی تازہ ترین صورت حال کا بارے میں تھا۔ خان آف قلات بڑے

بلوچستان کے خلاف سازشیں کیوں ہے

خوشگوار دوستانہ [illegible] میں مخاطب ہوئے صدیق القادری صاحب [illegible] علم لیڈر رہے ہیں ہمارے ملک کے نوجو[illegible] کا جذبہ اور ہمت ہے کہ بلوچستان [illegible] میں تشریف لائیں ہیں اپنی قلم کے [illegible] کے اصل مسائل پر آواز اٹھا رہے ہیں [illegible] کی اس [illegible] تحسین [illegible] پر مبارک باد دیتا ہوں [illegible] میں ہر طرح کے مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتا ہوں۔

میرے عزیز آپ نے بلوچستان کی صورت حال کے بارے میں پوچھا ہے۔

بلوچستان کو ایک سازش کے تحت مسلسل نظر انداز کیا گیا ہے بلوچستان کی موجودہ صورت حال سے یہاں کے عوام ہرگز خوش نہیں ہیں صوبے کو حقوق نہ ملنے سے یہاں کے غریب عوام کا نقصان ہو رہا ہے تعمیراتی کام رکے ہوئے ہیں مرکز اور صوبے کی محاذ آرائی سے مفاد پرست قوتیں خوب فائدہ اٹھا رہی ہیں جس سے صوبے کو ناقابل تلافی نقصان ہوا ہے۔ مثال کے طور پر نصیر آباد میں سیاسی بنیادوں پر پانی بند کر دیا گیا ہے۔ اگر دیانتداری سے دیکھا جائے تو اب اکبر بگٹی بلوچستان کے منتخب وزیر اعلیٰ ہیں جو اسمبلی ممبران کے ووٹوں سے اقتدار میں آئے ہیں نواب بگٹی کسی چور دروازے سے اقتدار میں نہیں آئے بلکہ صوبے کی عوام نے ووٹوں کے ذریعے انہیں وزارت اعلیٰ کیلئے منتخب کیا ہے اسی طرح بیگم بے نظیر بھٹو بھی عوام کے ووٹوں سے وزیر اعظم منتخب ہوئیں ہیں کسی مارشل لا کے سہارے وزیر اعظم نہیں بنیں۔

تو پھر صوبے اور مرکز کی لڑائی کیسی۔ بلوچستان کو مرکز سے لاتعداد شکایات ہیں مرکز صوبے کے باپ کی حیثیت رکھتا ہے مرکز کو فراخدلی کے ساتھ بلوچستان کو



SPECIAL SUPLEMENT

حساب سے بارہ بڑی خصوصیات چنی گئیں اور اس میں شامل مختلف عناصر اتنے ہی مختلف نوعیت کے ہیں جتنے کہ مقامی سیاستدانوں کے انداز علاقائی ذرائع ابلاغ کا اثر، صنعتی نظام کی شدت، اس کا وقار، اس کا محل وقوع اور ملازمت کا معیار وغیرہ وغیرہ۔

کچھ نکات پر تمام متفق تھے۔ بہت سے علاقوں میں معیار زندگی کو ایک بڑے سرمائے کی حیثیت حاصل تھی۔ حتیٰ کہ فرانس کے گردو نواح میں بھی ایسا تھا۔ مزدوری کے معیار کی اہمیت پر بھی ہر علاقہ نے زور دیا تھا۔ فرانس کے کچھ علاقے کم سہولتیں فراہم ہونے کی شکایت کرتے ہیں بہرحال جب تمام آراء کو اکٹھا کیا جاتا ہے تو (Ile de France) جو کہ سب سے بڑا ریجن ہے اس کے سرمایہ کی حیثیت سے حجم کے اعتبار سے ذرائع آمدنی کے اعتبار سے، ملازمت کے معیار کے اعتبار سے، ترجیحی اداروں کی تعداد کے اعتبار سے اور اچھے رسل و رسائل کے انتظام کے اعتبار سے ۱۹۹۳ء کیلئے سب سے بہتر طور پر مسلح نظر آتا ہے بہ نسبت دوسرے ایجنسیز کے مثلاً Rhone-Alps، Alsace، Midi-Pyrenees

جو بھی مختلف آراء ان سرمایہ داروں کی ہوں سب نے کھلے طور پر ساتھی علاقوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کی خواہش کا اعادہ کیا ہے۔ ایسی آراء اس وقت جبکہ یورپ ایک فیصلہ کن حالت اختیار کر رہا ہے بڑی خوش آئند ہیں۔

مقصد ان کی آراء جو مواقع انہوں نے علاقائیت کے فروغ کے ساتھ ایک متحدہ یورپ (Single Europe) بنانے کیلئے دیئے تھے، ان کے جاننے سے متعلق تھا۔ اس امر کو سب جانتے ہیں کہ یورپ میں جو مقابلہ کا رجحان پیدا ہو گا اس میں فرانسیسی علاقے آگے آگے ہونگے۔ اس چیلنج کے سامنے یہ علاقے مختلف فائدوں کے حصول کیلئے کوشش کرتے رہے ہیں جن میں سے چند دوسروں کی نسبت زیادہ پرکشش ہیں۔ لیکن فرانس کے سرمایہ داروں کو اس مسئلے پر اظہار خیال کرنے کا موقع بہرحال دینا چاہئے تھا کیونکہ علاقائی معاشی زندگی انہی بڑے لوگوں سے اثر انداز ہو سکتی ہے۔

ہر ریجن سے اس کی معیار زندگی اور رقبہ کے حد تک خوش کن ثابت ہوا انہوں نے اس کے مثبت پہلوؤں کو سراہا اور (Regional Institutions) علاقائی اداروں کے بارے میں بھی مثبت رائے ظاہر کی۔ اس کا آغاز انہوں نے ریجنل کونسل سے کیا جو کہ ایسے اداروں میں سب سے زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ میڈی پیرنس ریجن کے سرمایہ دار سب سے زیادہ اس مسئلہ میں پر اشتیاق ثابت ہوئے (یعنی ان میں سے ۷۵٪ فی صد سرمایہ داروں نے اس کے حق میں رائے دی) جبکہ اس کی دوسری حد پر لیموسین ریجن کے سرمایہ داروں نے جنہوں نے سب سے کم اشتیاق ظاہر کیا ان میں سے بھی ۷۵٪ فی صد (یعنی آدھ سے زیادہ) (Regionatism) علاقائیت کے خیال کو پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا۔

معاشی میدان کے بڑوں کا ریجنل ازم کے خیال کی تائید جیسا مثبت رویہ ان کی علاقائی انتظامیہ کے بارے میں آراء سے بھی ظاہر ہوتا ہے۔ اس طرح ریجنل کونسل معاشی سطح پر سب سے اہم فیصلہ کرنے کے ادارہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ اور یہ حیثیت بہت پرانے اداروں مثلاً جنرل کونسلز جو کہ مختلف شعبوں میں سربراہ ہیں اور میونسپل کارپوریشنیں جو کہ قوم کے انتظامات چلا رہی ہیں ان سے بھی بہتر ہے (یعنی ۱۸٪ اور ۹٪ کے مقابلے میں ۵۱٪ فی صد آراء حق میں ہیں۔

اس سروے رپورٹ کے دوسرے حصے

REPUBLIQUE FRANCAISE

AMBASSADE DE FRANCE
AU
PAKISTAN

L'AMBASSADEUR

ISLAMABAD, LE 14 Juillet 1990

پیارے پاکستانی دوستو!

السّلامُ علیکم.

آج فرانس کا قومی دن ہے.

یہ وہ دن ہے جب تاریخی انقلاب سے فرانس کے
لوگوں کو آزادی ملی.

اس سال جمہوریہ فرانس کے صدر جناب
فغانسوا مِتغاں نے پاکستان کا دورہ کیا.

فرانسیسی صدر نے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے صدر
جناب غلام اسحاق خان اور وزیر اعظم محترمہ
نظیر بھٹو سے ملاقات کی.

جمہوریہ فرانس کے صدر متراں

اس ملاقات کے بعد فرانس اور پاکستان کے
درمیان سیاسی ، اقتصادی ، تجارتی اور سائنسی
تعلّقات بہت بڑھے ہیں . اور مستقبل
اِنشااللہ اس سے بھی اچھے ہوں گے
فرانس اور پاکستان کے درمیان صِرف ایک
یا دو ارب فرانک کی تجارت ہوتی ہے لیکن
اِن دو ممالک کے پاس تجارت بڑھانے کے بہت
اِمکانات ہیں .
آج کل عالمی حالات بہت اچھے نہیں ہیں لیکن
ہمارے دو ممالک دُنیا میں سلامتی چاہتے ہیں
فرانس اور پاکستان کے درمیان بہت اچھے تعلقات
ہیں اور پاکستان کی نئی جمہوری حکومت فرانس میں
بہت مقبول ہے
آج میں بہت خوش ہوں کہ فرانس اور پاکستان
کے درمیان بہت اچھی دوستی ہے .
پاکستان زندہ باد ! پاک فرانسیسی دوستی زندہ باد
بہت شکریہ - خدا حافظ .

JEAN-PIERRE MASSET

foreign trade in the red, are energy in general, electronics, textiles and clothing, paper and cardboard, nonferrous metals, chemical products, coffee, cocoa and tropical fruit, tinned food, leather and shoes.

France's top ten suppliers are also her top ten customers. These are West Germany, Italy, Belgium/Luxemobourg, the United States, the United Kingdom, the Netherlands, Spain, Japan, Switzerland and Sweden.

The tourist industry largely contributes to attenuating the foreign trade deficit. In 1989, France received 43 million visitors who left 100 billion francs in receipts. For 1990, 45 million are expected : a record !

Numerous studies have been undertaken to analyse the fundamental reasons for the chronic adverse balance of trade. The big energy deficit is generally brought up as France is almost 100% dependent on imports for her supply of oil. But there are no doubt many other causes.

At the beginning of the year, President Francois Mitterrand showed his "impatience" at the" lack of boldness" of industrialists in exporting. Exports acknowledge that, compared to West Germany and Japan, France is above all short of good salesmen.

For this reason, the public authorities have set up a "Committee for France's Image". It is made up of 33 people who synthesize studies about products and coordinate the initiatives of economic agents. Training comes in first place among their preoccupations and various forms of action have been undertaken to create an "Export" mentality.

Industrialists are aware that a certain archaism is still present in structures and attitudes, so they are increasingly drawing inspiration from modern methods, particularly American ones and are offering their salesmen courses in order to prepare them for the tough fight of international trade which requires boldness and pugnacity to the highest degree.

SCHOOL THE TOP PRIORITY
(L'Bcole : la priorite des priorites)

Recent surveys show that school is the institution in which the French have the most confidence, even if schools, parents and teachers display their dissatisfaction now nad then, complaining of there being too many pupils to a class and calling for new premises and more teachers.

It is ture that numbers of pupils keep increasing. At the beginnning of the last school year nearly 14 million students (a quarter of the population) were received in the vaious establishments, and secondary schools (lycees) had an intake of pupils up by 85,000 on last year.

In 1985, barely 45% of young people aged 18 were still studying. In 1990, there are 60%. The French Dapartment of Education is creating more and more teaching posts with a view to having 1,250,000 teachers in 1990.

Educatio in France is free, and compulsory until the age of 16. It is divided into three periods : kindergarten from the ages of 3 to 6, then primary school till the age of 11, and then the various systems of secondary education leading to the baccalaureat (higher secondary school certificate). From 1959 to 1967, the success rate at this examination was about 60%. In 1989, it beat its record with 75.5% of pupils passing the baccalaureat. A success rate of 80% is expected before the year 2,000.

Things are moving in French education. This year saw the application of a law to guide education in a new direction. Over 170,000 primary school children had their level assessed in reading, writing and arithmethic, with the aim of giving extra tuition to those who need it. The "computer plan" is being developed and pupils are becoming familiar with micro-computers. Student-delegate concils are also spreading in schools.

In addition to state education, there is also private schooling. […] receives a grant from the State and is attended by about a quarter of school-age children. A considerable proportion of the French population feels attached to the system to the extent of demonstrating in the street, if necessary, to defend the private sector when it appeared to be threatened.

Higher education. A quarter of young people aged 20-24 continue their studies after the baccalaureat. These students, who number 1,200,000, go to university, preparatory classes for admission to the elite "grandes ecoles", or to specialized higher training etablishments.

French universities receive just over a million students. The greatest number of them are drawn to studies in Arts and Medicine, but Law and Economics also have a good following. Every year, universities award more than 100,000 diplomas and degrees.

Specialized studies, particularly in business-related subjects, are experiencing tremendous expansion. thus in university institutes of technology (IUT), in 1960, there were fewere than 8,000 people studying for a diploma in higher technical studies. Today, there are 130,000. In commercial studies, there are nearly 30,000 students now, whereas in 1960, there were only 5,000.

In the European Community, France comes in first place for receiving foreign students. The latest figures known are 132,000 in 1986, that is to say 13% of the total.

As can be seen, school and education are the top priority in France. Moreover, the state budget devotes its biggest share to it : 20% in 1990.

(*) Alain Kimmel : "Vous avez d[…] France ?" published by Hachette.

پاک فرانس تجارتی تعلقات

پاکستان کے فرانس کے ساتھ دوستانہ اور معاشی روابط کافی مستحکم ہیں۔ یہ روابط گذشتہ کئی سالوں کے ساتھ بڑھے ہیں یہ تعلقات زیادہ تر بیرونی تجارت، بیرونی امداد اور نجی شعبہ میں سرمایہ کاری سے متعلق ہیں خصوصاً فرانس کے ساتھ درآمدات اور برآمدات میں قابل قدر اضافہ ہوا ہے۔ گوکہ موجودہ حالات میں فرانس پاک تجارت غیر متوازن ہے اور فرانس کے حق میں ہے لیکن اس کے باوجود مستقبل میں مختلف شعبوں میں برآمدات کے روشن مواقع موجود ہیں۔

برآمدات کے میدان میں جو بڑی اشیاء ۸۹-۱۹۸۸ء کے مالی سال میں شامل تھیں ان میں ریڈی میڈ گارمنٹس، اشیائے چمڑہ، قالین اور دریاں، بنا ہوا کپڑا، تولیہ جات اور کاٹن کی مصنوعات مجموعی برآمدات کا ۷۵٪ ہیں جو کہ فرانس کو کی گئیں۔ حکومت پاکستان بھی اس کے فروغ کے لئے کوششیں کرتی رہی ہے جس میں برآمدات کی پالیسی اہم مقام رکھتی ہے، صنعتی خام مال کی درآمد

"بقیہ صفحہ نمبر 28 پر"

sector has a sailing staff of 12,530 and a sedentary staff of 6,500. 210 million tonnes of goods are imported and 75 million tonnes exported by this means of transport. The traffic is carried out by about forty ports the most important ones being Mareilles, Le Havre, Dunkirik, Nantes - Saint - Nazaire, Rouen and Calais.

Compared to Benelux or West Germany, transport on the waterways in France is mediocre. This is due to the lack of wide gauge waterways (2,000 kilometres of canals) and the decrepit installations. But there is a renewal of activity in this area and traffic which, in 1955, amounted to 50 million tonnes of goods, today exceeds 80 million tonnes thanks to a big works programme with a wide gauge link between the Mediterranean and the North Sea and work on the Rhine and the Moselle, etc.

AGRICULTURE 1990 : A COMPUTER ON THE FARM
(Agriculture 90 : 1' ordinateur a la ferme)

The peasant, dressed in rags and bending over the soil as discovered by the Englsih traveller Arthur Young in the French countryside in 1789, is a thing of the distant past. The same applies to the "forgotten people" evoked by Balzac last century. He has been replaced by a new breed of peasant : farmers whose businesses are often run by computers and who read statistics about green Europe and studies on deficiency payments, instead of "La Veillee des Chaumieres" (Cottage evenings).

The silent revolution, which has transformed life on the land, gathered pace after the last war. In 1850, agricultural workers accounted for 64% of the working population. Today, they only represent 7% Whereas in 1940, a peasant provided for the needs of a dozen of his fellow countrymen, a farmer today feeds about thirty people.

Since 1945, the productivity of agriculture has increased faster than that of industry. In fact, farmers produce far more than is needed for the subsistence of the French. So, their major problem is to find other outlets for their surplus, and, as all Common Market countries



are in the same boat ...

90%of the French territory is farmed. Arable land accounts for 33.3%, pastures 211.4%, vines and orchards 2.3% woods and forests 26.7% and fallow land 5%. France is the major agricultural power in the Common Market. It comes top for the production of wheat, wine, sugar, barley and beef.

The system of agricultural farming perpetuated in France is dominated by the smalholding. There are nearly a million such farms with an average area of 29 hectares. There is a tendency for these smallholdings to group together into cooperatives in order to buy a tractor to share, seeds or fertilizer at a wholesale price, etc. According to experts, in the year 2,000, there will only be 650,000 farms left, 360,000 of which will be full-time and 300,000 part-time.
